★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ
تعمیر وطن
کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 28......شمارہ نمبر 38 بروز ہفتہ 7 نومبر 2026ء 26 جمادی الاول 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

ملک کی معاشی بدحالی اور عوامی زبوں حالی کے خلاف ہماری جدوجہد جاری رہے، مولانا فضل الرحمٰن

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ حضرت مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ سرکاری مشینری کے ذریعے منفی پروپیگنڈوں کا مقصد ملک کو درپیش بحرانوں اور عوامی حقوق کے حوالے سے ہمارے جاندار قومی مؤقف سے توجہ ہٹانا ہے، عوامی حقوق، معدنیات وقدرتی وسائل کی لوٹ مار، گورنر راج کے نفاذ اور قومی ذخائر پر قبضے کے خلاف ہمارا موقف واضح اور دوٹوک ہے، ملک کی معاشی بدحالی اور عوامی زبوں حالی کے خلاف ہماری جدوجہد جاری رہے گی اور اس موقف میں کسی قسم کی تبدیلی ممکن نہیں۔

اسٹیٹ بینک میں امریکی کمپنی سسکو کے جدید بینکاری نیٹ ورک کی تنصیب، امریکہ کا خیر مقدم


کراچی (آن لائن) امریکہ نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں جدید مرکزی بینکاری نیٹ ورک اور سافٹ ویئر پر مبنی ڈیٹا سینٹر کی کامیاب تنصیب کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے پاکستان کے مالیاتی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ اس سلسلے میں امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر نے گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد اور امریکی ٹیکنالوجی کمپنی سسکو سسٹمز پاکستان کی اعلیٰ قیادت کے ہمراہ اسٹیٹ بینک کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر نئے مرکزی بینکاری نیٹ ورک اور جدید ڈیٹا سینٹر کی تنصیب کی تکمیل پر تقریب کا انعقاد بھی کیا گیا۔

جاپان سیلف ڈیفنس فورسز کے یوم تاسیس کی تقریب، خواجہ آصف مہمان خصوصی



کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میں جاپانی سفارت خانے کے زیراہتمام جاپان سیلف ڈیفنس فورسز کے 72ویں یوم تاسیس کی پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

جسٹس جمال خان مندوخیل کی ریٹائرمنٹ پر فل کورٹ ریفرنس 11 نومبر کو ہوگا



کوئٹہ (آن لائن) سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر 11 نومبر کو فل کورٹ ریفرنس منعقد کیا جائے گا، جس میں سپریم کورٹ کے تمام ججز، اٹارنی جنرل، سینئر وکلا اور عدالت عظمیٰ کا عملہ شرکت کرے گا۔ فل کورٹ ریفرنس میں (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

صوبے میں صورتحال بگڑتی جارہی ہے، امن وامان حکومت کی ذمہ داری ہے، نواب ایاز خان جوگیزئی



قلعہ سیف اللہ (آن لائن) جنوبی پشتونخوا کوئٹہ کے سہ روزہ پشتون قوم اور عوام کے منعقدہ جرگہ کے تسلسل میں تمام اضلاع میں مشاورتی جرگوں کا انعقاد جاری ہے۔ اور اس سلسلے میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کے زیر صدارت ضلع (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، معذوری کسی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی کا باعث نہیں بنتی، ایسے افراد کو باعزت زندگی اور خودمختار روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان کی بینائی سے محروم شہری کی مالی معاونت، علاج کیلئے عالمی سطح پر تعاون کی یقین دہانی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی بینائی سے محروم شہری محمد زاہد سے ملاقات، مالی معاونت، علاج کے لیے مکمل تعاون اور اس کے بے روزگار دوست کو روزگار کے لیے رکشہ فراہم کر دیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت ہی اصل خدمت ہے، کسی ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ لانا میرے لیے سب سے بڑا اطمینان ہے۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو مشکلات میں تنہا نہ چھوڑے اور انہیں باعزت زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بینائی سے محروم کوئٹہ کے شہری محمد زاہد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وزیر اعلیٰ نے محمد زاہد کی مالی معاونت کی اور ان کی آنکھوں کے علاج اور بینائی کی بحالی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی، جبکہ ان کے غریب اور بے روزگار دوست جان محمد کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے رکشہ بھی تحفے میں دیا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محمد زاہد (باقی صفحہ 2 نمبر 1)



اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف کیش لیس اکانومی کے فروغ سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

107 ارب ڈالر سے زائد بیرونی قرضے سرکاری نوعیت کے ہیں، نجی شعبے کے غیر ضمانتی بیرونی قرضوں کا حجم 17.58 ارب ڈالر ریکارڈ، صرف ایک سال کے دوران بیرونی قرضوں میں 4 فیصد اضافہ ہوا

مجموعی طور پر دوطرفہ قرض دہندگان کے ذمے پاکستان کے 42.4 ارب ڈالر واجب الادا ہیں، جبکہ سرکاری بیرونی قرضوں میں کثیرالجہتی مالیاتی اداروں کا بھی نمایاں حصہ ہے

پاکستان کے بیرونی قرضے 135 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئے

ایک دہائی میں دگنا اضافہ

پاکستان کے 107 ارب ڈالر سے زائد بیرونی قرضے سرکاری نوعیت کے ہیں، جبکہ نجی شعبے کے غیر ضمانتی بیرونی قرضوں کا حجم 17.58 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا ہے، عالمی بینک کی رپورٹ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے بیرونی قرضوں کا حجم 135 ارب ڈالر سے تجاوز کر گیا ہے اور گزشتہ ایک دہائی کے دوران ملک کے بیرونی قرضوں میں تقریباً 100 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ عالمی بینک کی انٹرنیشنل ڈیٹ رپورٹ 2026 کے مطابق 2025 کے اختتام پر پاکستان کے مجموعی بیرونی قرضے 135.1 ارب ڈالر تک پہنچ گئے، جبکہ 2015 میں یہ حجم 68.7 ارب ڈالر تھا۔ رپورٹ کے مطابق صرف ایک سال کے دوران بیرونی قرضوں میں 4 فیصد (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

سیدال خان ناصر سے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات کی ملاقات

معاشی استحکام، حکومتی اصلاحات، سرمایہ کاری کے فروغ اور قومی وسائل کے مؤثر استعمال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے نیشنل ہیلتھ سروسز سینیٹر عامر ولی الدین چشتی، سابق گورنر خیبر پختونخوا اقبال ظفر جھگڑا، پارلیمنٹیرینز اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے ملاقات کی۔ ملاقات میں سابق سینیٹر ثناء جمالی، چودھری (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

عرفان احمد خلجی نے اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ کی حیثیت سے باقاعدہ چارج سنبھال لیا

قلعہ عبداللہ (خ ن) عرفان احمد خلجی نے اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ کی حیثیت سے باقاعدہ چارج سنبھال لیا ہے۔ چارج سنبھالنے کے بعد انہوں نے اپنے سرکاری فرائض کی انجام دہی شروع کر دی ہے۔

سیاسی تبدیلیاں اسی وقت امن کی حقیقی امید بن سکتی ہیں، سینیٹر محمد عبدالقادر

جنگ، مہنگائی اور بڑھتی ہوئی عوامی بے چینی کے خلاف واضح انتخابی ردعمل ہے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ امریکی وسط مدتی انتخابات میں ریپبلکن پارٹی کی شکست صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پالیسیوں، ایران کے ساتھ طویل جنگ، مہنگائی اور بڑھتی ہوئی عوامی بے چینی کے خلاف واضح انتخابی ردعمل ہے۔ ڈیموکریٹس نے ایوان نمائندگان اور سینیٹ دونوں میں اکثریت (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

کینٹ پولیس نے مغوی لڑکی کو بازیاب کرا کر ملزم کو گرفتار کر لیا

کوئٹہ (آن لائن) کینٹ پولیس نے مغوی لڑکی کو بازیاب کرا کر ملزم کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز لاپتہ ہونے والی مغوی لڑکی سویرا عاشق حسین کو بازیاب کرا کر ملزم واصف کو گرفتار کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے سوڈان کے وفاقی وزیر داخلہ کی ملاقات

پاکستان کا سوڈان کی خودمختاری، وحدت اور علاقائی سالمیت کیلئے غیر متزلزل حمایت کا اعادہ

پاکستانی حکام کے ساتھ ملاقاتوں میں دوطرفہ تعلقات، سلامتی اور مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات زیر بحث آئے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے سوڈان کے وفاقی وزیر داخلہ لیفٹیننٹ جنرل بابکر سمرہ مصطفیٰ علی نے وزارت خارجہ میں ملاقات کی، جس میں پاکستان اور سوڈان کے درمیان برادرانہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 29)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری میر محمد خان لہڑی ملاقات کر رہے ہیں

ہمیں چھیڑنے سے گریز کیا جائے، خدانخواستہ، اس تصادم کے نتیجے میں کوئی ایسا حادثہ پیش نہ آئے جسے سنبھالنا کسی کے لیے بھی ممکن نہ رہے

غیر جمہوری حکومت کیخلاف ملک گیر تحریک چلائیں گے، محمود خان اچکزئی

مولانا فضل الرحمن صاحب کی کردار کشی کی جا رہی ہے اس کی پر زور مذمت کرتے ہیں، یہ ہتھکنڈے اب مزید نہیں چلیں گے

آل پارٹیز کانفرنس نومبر میں ہوگی، قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف کا متحدہ اپوزیشن اجلاس کے بعد میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے متحدہ اپوزیشن اجلاس کے بعد قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن صاحب کی رہائش گاہ پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم بنیادی طور پر تحریک تحفظ آئین پاکستان اور ان تمام سیاسی جماعتوں کی نمائندگی کرتے ہیں جن کا نصب العین اس ملک کو ایک ایسی مضبوط فیڈریشن بنانا ہے جہاں آئین کی بالادستی قائم ہو، طاقت کا اصل سرچشمہ پارلیمان ہو اور ملکی سیاست کا محور پاکستان کی پارلیمنٹ ہو، جہاں (باقی صفحہ 2 نمبر 28)



کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر اور ڈی جی نادرا اسپیل جہانگیر سینٹرل پولیس آفس میں شیلڈز کا تبادلہ کر رہے ہیں

ادارہ جاتی استعداد کار میں اضافے کی جانب پیش رفت ہے بلوچستان پولیس کا فریضہ عوام کی خدمت وسلامتی اور تحفظ کا عزم

نادرا اور پولیس کا اشتراک، جرائم کی تفتیش اور شناخت کا عمل جدید بنانے کا فیصلہ

بلوچستان پولیس اور نادرا کے درمیان جدید ڈیجیٹل شناختی و بائیومیٹرک سروسز کے لیے معاہدے پر دستخط

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان پولیس اور نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کے درمیان جدید ڈیجیٹل شناختی و بائیومیٹرک سروسز کے حصول اور ادارہ جاتی تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے لیے ایک اہم معاہدے پر جمعہ کو سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں باضابطہ دستخط کر دیئے (باقی صفحہ 2 نمبر 8)



رکھنی: کمشنر کوہلو سلمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی کو پراجیکٹ ڈائریکٹر رکھنی ڈویلپمنٹ اتھارٹی احتشام الحق اور بیکڑ احتشام الحق اور بیکڑ میں صحت کے منصوبوں سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

خضدار میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی، 2 دہشتگرد ہلاک، 2 زخمی فرار

خضدار میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، فرار زخمی دہشتگردوں کی تلاش جاری

کوئٹہ (آن لائن) سیکیورٹی فورسز نے آپریشن رد الفتنہ الہند کے تحت دہشت گردوں کی نقل وحرکت کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کرتے ہوئے 2 دہشتگردوں کو ہلاک اور 2 کو زخمی کر دیا جو فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے سیکیورٹی ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

کرم کے شلوزان سیکٹر میں پاک افغان سرحد پر دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام

کرم (آن لائن) شلوزان سیکٹر میں پاک افغان سرحد پر فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والی دہشت گرد تشکیل کی جانب سے دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ سیکیورٹی ذرائع (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

اسلامی ممالک معاشی یکجہتی، تجارت اور مشترکہ ترقی کیلئے مربوط حکمت عملی اپنائیں، جام کمال خان

اسلامی ممالک کے پاس وسیع قدرتی وسائل، افرادی قوت اور معاشی صلاحیتیں موجود ہیں، تقریب سے خطاب

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے رکن ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ عالمی معاشی غیر یقینی صورتحال اور تجارتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اقتصادی یکجہتی، باہمی تجارت اور مشترکہ سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

اسسٹنٹ کمشنر قلات ندیم اکرم کا شہر کے مختلف بینکوں کا دورہ

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کے خصوصی احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر قلات ندیم اکرم کا شہر کے مختلف بینکوں کا (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

پاکستان اور روس کے درمیان بدعنوانی اور منی لانڈرنگ کے خلاف تعاون کا معاہدہ

چیئرمین نیب اور روسی پراسیکیوٹر جنرل الیگزینڈر رولادیمیرووچ گوتسان کا ماسکو میں دستخط

ماسکو (آن لائن) پاکستان اور روس نے بدعنوانی اور منی لانڈرنگ کی روک تھام کے لیے مشترکہ تعاون کو باقاعدہ شکل دے دی ہے۔ اس مقصد کے لیے قومی احتساب بیورو (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

افغانستان سے جنم لینے والی دہشت گردی پاکستان کے لیے اہم تشویش ہے، عالمی تعاون ضروری ہے، ترجمان دفتر خارجہ

47 سال سے بات نہ کرنے والے دو ممالک کو مذاکرات کی میز پر بٹھا دیا پاکستان

پاکستان امن کیلئے سہولت کاری جاری رکھے گا، مذاکرات کے حتمی نتائج میں وقت لگ سکتا ہے، سجاد حیدر خان کی بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ خطے اور عالمی سطح پر امن واستحکام کا قیام جنگ اور محاذ آرائی کے بجائے سیاسی مذاکرات، سفارت کاری اور باہمی افہام وتفہیم کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ پاکستان ایک ذمہ دار ریاست اور مخلص ثالث کی حیثیت سے علاقائی تنازعات کے حل، کشیدگی میں کمی اور متحارب فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لیے اپنی سفارتی کوششیں جاری رکھے (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

6 نومبر 1947 جموں وکشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، چوہدری نعیم

انشااللہ وہ دن دور نہیں جب کشمیر پاکستان کا حصہ بن کر رہے گا، فوکل پرسن

کوئٹہ (آن لائن) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ 6 نومبر 1947 جموں وکشمیر (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

صدر زرداری کا عالمی برادری سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لینے پر زور

جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کے لیے مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل ناگزیر ہے، صدر آصف علی زرداری

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اور استحکام کے لیے مسئلہ جموں وکشمیر کا منصفانہ حل ناگزیر ہے، پاکستان کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت اور مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے اپنے اصولی موقف پر قائم ہے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خاتمے اور بین الاقوامی مبصرین کو بلا رکاوٹ رسائی دینے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ یوم شہدائے جموں کے موقع پر اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

پاکستان اور تاجکستان کی مشترکہ مشق دوستی III اختتام پذیر

راولپنڈی (آن لائن) پاکستان اور تاجکستان کی مشترکہ مشق دوستی III اختتام پذیر ہوگئیں۔ دو ہفتے جاری رہنے والی مشقیں (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

پاکستان اور ترکیہ میں لائیو اسٹاک کے شعبے میں تعاون پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور ترکیہ کے درمیان لائیو اسٹاک کے شعبے میں تکنیکی تعاون کے حوالے سے اہم پیشرفت ہوئی ہے، جس کے تحت ترکیہ کی تکنیکی معاونت (باقی صفحہ 2 نمبر 24)



اسلام آباد، نائب وزیراعظم/وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی سے جمہوریہ سوڈان کے وزیر داخلہ سٹر بابکر سمرہ مصطفیٰ علی ملاقات کر رہے ہیں

ایس سی او سربراہی اجلاس 2027 کی تیاریوں میں اہم پیشرفت

اسلام آباد (آن لائن) شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے 2027 کے (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

وزیراعظم کی ٹی ڈی اے پی کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی منظوری

زرعی مصنوعات کی برآمدات بڑھانے کیلئے مکمل ایکو سسٹم تشکیل دیا جائے، وزیراعظم

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کی برآمدات میں اضافے، مقامی صنعتوں اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار کو عالمی منڈیوں تک رسائی دینے اور پاکستانی مصنوعات کا بین الاقوامی معیار بہتر بنانے کے لیے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) کی جامع تنظیم نو اور ادارے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ اصلاحاتی منصوبے کے تحت ادارے میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، میرٹ پر بھرتیوں، کارکردگی کی بنیاد پر ترقی اور آزادانہ آڈٹ کا نظام متعارف کرایا جائے گا۔ یہ فیصلہ (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

کوئٹہ پولیس کی غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں، منشیات فروشوں اور مفرور ملزمان کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں، منشیات فروشوں، کرایہ داری ایکٹ میں مفرور اور دیگر مقدمات میں اشتہاری ومفرور سمیت 2 خواتین سمیت 9 ملزم (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

دہشتگرد تنظیموں کا نوجوانوں اور خواتین کو استعمال کرنے کا نیٹ ورک بے نقاب

چچا کے قتل کے بعد واٹس ایپ کے ذریعے رابطہ، انتقام کے نام پر تنظیم میں شمولیت کے لیے اکسایا گیا

بھرتی کا ٹاسک اور فدائی بننے کی پیشکش بھی کی گئی؛ خاتون کی والدین کے ہمراہ پریس کانفرنس

پنجگور (آن لائن) دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ایک تشویش ناک پہلو نوجوانوں اور خواتین کو جذباتی استحصال، انتقام اور گمراہ کن بیانیے کے ذریعے تنظیمی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کے الزامات ہیں۔ پنجگور سے تعلق رکھنے والی ایک کم عمر بلوچ خاتون نے اپنے والدین کے ہمراہ پریس کانفرنس میں مبینہ طور پر دہشت گرد تنظیم "فتنہ الہندوستان" کے رابطوں، بھرتی کے طریقہ کار اور خواتین کو تنظیمی سرگر (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

پاکستان میں سیاحت کے فروغ کے وسیع مواقع موجود ہیں، احسن اقبال

وفاقی وزیر کا پاکستان ٹورزم، اسپورٹس اینڈ فیملی فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان قدرتی حسن، متنوع سیاحتی مقامات اور بے شمار تفریحی وسائل سے مالا مال ملک ہے، جہاں سیاحت کے فروغ کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ حکومت سیاحتی شعبے کی ترقی اور پاکستان کو عالمی سطح پر ایک نمایاں سیاحتی منزل کے طور پر متعارف کرانے کے لیے پرعزم ہے۔ پاکستان ٹورزم، اسپورٹس اینڈ فیملی فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب اور ذرائع ابلاغ سے گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ پاکستانی عوام کی مہمان نوازی دنیا میں ملک کو ایک منفرد شناخت عطا کرتی ہے۔ پاکستان کے قدرتی مناظر، ثقافتی تنوع اور عوام کی مہمان نوازی کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کی ضرورت (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

وفاقی محتسب کی فوری مداخلت، خضدار کے سیلاب متاثرہ شہری کو امدادی رقم کی پہلی قسط جاری

خضدار (پ ر) وفاقی محتسب اعلیٰ کے ادارہ جاتی تحرک اور فلاحی وفوری نوعیت کے اقدامات کے نتیجے میں خضدار کے سیلاب متاثرہ شہری کی دائر کردہ شکایت کا کامیابی کے ساتھ ازالہ کر دیا گیا ہے۔ غیر رسمی حل تنازعات (IRD) کے مؤثر نظام کے تحت وفاقی محتسب کی بروقت اور کارگر مداخلت سے متاثرہ شہری کو اس کا التوا کا (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

واٹس ایپ اکاؤنٹس کے ذریعے سائبر فراڈ کی روک تھام کا فیصلہ

پی ٹی اے اور میٹا کا مستقل میکانزم تیار، ایک لاکھ 76 ہزار اکاؤنٹس بند

مستقبل میں ایسے تمام اکاؤنٹس کی مرحلہ وار بندش کے لیے مستقل نظام بھی وضع

اسلام آباد (آن لائن) ری سائیکل اور غیر فعال موبائل نمبرز کے ذریعے واٹس ایپ اکاؤنٹس پر ہونے والے فراڈ اور سائبر جرائم کی روک تھام کے لیے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے میٹا کے تعاون سے بڑا اقدام اٹھا لیا ہے۔ پی ٹی اے کی درخواست پر میٹا نے ری سائیکل نمبرز پر فعال ایک لاکھ 76 ہزار واٹس ایپ اکاؤنٹس بند کر دیے ہیں، جبکہ مستقبل (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی کی جا رہی ہے، ظہور بلیدی

ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، صوبائی وزیر منصوبہ بندی

بروقت تکمیل کے ساتھ ساتھ معیار اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

تربت (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں ضلع کیچ کے مجموعی ترقیاتی امور اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ضلع میں جاری ترقیاتی اسکیموں، نئے منصوبوں اور مختلف شعبوں میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

چیف سیکرٹری بلوچستان کی زیر صدارت دانش سکولوں کے قیام سے متعلق اجلاس

ہر بچے کو محفوظ، باوقار اور جدید تعلیمی ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، شکیل قادر خان کا خطاب

حکومت دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں معیاری تعلیم تک بچوں کی رسائی کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبے میں دانش سکولوں کے قیام سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں متعلقہ اضلاع میں سکولوں کی تعمیر میں ہونے والی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ تعلیم صوبے کی ترقی اور نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سکولوں کی تعمیر کے کام میں (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

انسانیت کی خدمت

میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت ہی اصل خدمت ہے، کسی ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ لانا میرے لیے سب سے بڑا اطمینان ہے۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو مشکلات میں تنہا نہ چھوڑے اور انہیں باعزت زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بینائی سے محروم کوئٹہ کے شہری محمد زاہد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وزیراعلیٰ نے محمد زاہد کی مالی معاونت کی اور ان کی آنکھوں کے علاج اور بینائی کی بحالی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی، جبکہ ان کے غریب اور بے روزگار دوست جان محمد کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے رکشہ بھی تحفے میں دیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محمد زاہد کی آنکھوں کے علاج کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی اور اگر ان کا علاج لندن، امریکہ، دبئی یا دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت اس ضمن میں مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، معذوری کسی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی کا باعث نہیں بنتی، ایسے افراد کو باعزت زندگی اور خودمختار روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کا کوئی مستحق شہری علاج، روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے۔ انسانیت کی خدمت ہمارا نصب العین ہے اور عوام کی مشکلات کا ازالہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر محمد زاہد نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ عوام کے دکھ درد کو سمجھنے اور مشکل وقت میں ان کا ساتھ دینے والے متحرک وزیراعلیٰ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ نے اس سے قبل بھی ان کے علاج کے لیے 10 لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کی اور روزگار کے حصول میں مدد کی۔ محمد زاہد کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہمیشہ ان کی مشکلات کو سمجھا اور انہیں کبھی خالی ہاتھ واپس نہیں بھیجا۔ محمد زاہد اور ان کے دوست جان محمد نے مالی معاونت، علاج کے لیے مکمل تعاون اور روزگار کے لیے رکشہ فراہم کرنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 01

کی آنکھوں کے علاج کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی اور اگر ان کا علاج لندن، امریکہ، دبئی یا دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت اس ضمن میں مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، معذوری کسی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی کا باعث نہیں بنتی، ایسے افراد کو باعزت زندگی اور خودمختار روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کا کوئی مستحق شہری علاج، روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے۔ انسانیت کی خدمت ہمارا نصب العین ہے اور عوام کی مشکلات کا ازالہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر محمد زاہد نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ عوام کے دکھ درد کو سمجھنے اور مشکل وقت میں ان کا ساتھ دینے والے متحرک وزیراعلیٰ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ نے اس سے قبل بھی ان کے علاج کے لیے 10 لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کی اور روزگار کے حصول میں مدد کی۔ محمد زاہد کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہمیشہ ان کی مشکلات کو سمجھا اور انہیں بھی خالی ہاتھ واپس نہیں بھیجا۔ محمد زاہد اور ان کے دوست جان محمد نے مالی معاونت، علاج کے لیے مکمل تعاون اور روزگار کے لیے رکشہ فراہم کرنے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 02

قلعہ سیف اللہ کا پروقار مشاورتی جرگہ منعقد ہوا۔ مشاورتی جرگہ نے اپنے کاربندہ جرگہ منتخب کیا اور کاربندہ جرگہ نے ضلع قلعہ سیف اللہ کے ایگزیکٹو کونسل کے تقررات کے لیے نواب ایاز خان جوگیزئی کو مکمل اختیار دیا۔ جرگہ میں سینکڑوں کی تعداد میں پشتون سفید ریش، سرداروں، ملکان، علماء کرام، سیاسی اور سماجی کارکنوں نے شرکت کی۔ جرگہ سے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب ایاز خان جوگیزئی، مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، ضلع قلعہ سیف اللہ کے سیکرٹری حاجی دارا خان جوگیزئی نے خطاب کیا۔ جرگہ میں پارٹی کے مرکزی سیکرٹری عبدالحق عبدال، ڈسٹرکٹ ڈپٹی چیئرمین منظور خان، ڈپٹی سیکرٹری نعمت اللہ کاکڑ اور وڑانگہ لونی نے شرکت کی۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی جانب سے عدلیہ اور میڈیا کی آزادی پامالی کے بعد عوام کے درمیان رنجشوں کا تصفیہ کے لیے پشتون اعلیٰ روایات کے تحت جرگہ نے کردار ادا کرنا ہوگا۔ امن امان کی صورتحال روز بروز بگڑتی جا رہی ہے۔ کوئٹہ کراچی، کوئٹہ سکھر، کوئٹہ تفتان، کوئٹہ ڈیرہ غازی خان، کوئٹہ ڈیرہ اسماعیل خان اور دیگر اضلاع کے اندر شاہراہوں پر امن وامان حکومت کی ذمہ داری ہے اور جرگہ حکومت کو امن امان قائم کرنے پر مجبور کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ آج بجلی، گیس اور پینے کا صاف پانی عوام کو میسر نہیں۔ پیٹرول ساری دنیا میں سب سے مہنگا ملک پاکستان مل رہا ہے۔ پانی کی نایابی کے خطرات بڑھ رہے ہیں اور حکومت عوام کی اس ذمہ داروں سے مبرا نہیں ہے۔ پشتون وطن کے معدنی خزانوں پر سازش اور بدامنی کے ذریعے قبضے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ ایک منصوبے کے تحت سرکاری پراکسیز کے ذریعے مکمل بدامنی دہشت گردی جاری ہے۔ پشتون اضلاع میں پولیس کے تھانے ان کے حوالے کیے گئے اور خوف وہراس کے ماحول میں ہمارے وطن کے معدنی خزانے قبضہ کرنے اور لوگوں کو نقل مکانی پر مجبور کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں آج چور، ڈاکو، رشوت خور، کرپٹ کو بہترین پاکستانی اور عوام کے امن، حقوق کی بات کرنے والے غدار ٹھہراتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں عوام کو بجلی گیس پینے کا صاف پانی مہیا نہیں۔ تعلیم، صحت اور علاج ناپید ہو چکا ہے۔ صوبے میں پانی سنگین صورتحال میں پانی ذخیرہ کرنے کا کوئی انتظام نہیں۔ انتظامیہ کو مفلوج بنا دیا گیا ہے، سولین اتھارٹی ختم کر دی گئی ہے، تمام ادارے اور محکمے مفلوج کیے گئے ہیں۔ انہوں نے تنگہ مسے زئی ضلع قلعہ عبداللہ خان کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ جرگہ مغوی حیدر کاکڑ کی بازیابی، شہداء حنفیا کا کڑ

.. ولی کا کز عرف دلو کے قاتلوں کی گرفتاری، منشیات کے خاتمے، جنگل پیر علیزئی میں مجرموں، سماج دشمن عناصر سے پاک کرنے کی مکمل مطالبے کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ انہوں نے جرگہ شرکاء سے کہا کہ صوبے کی بدامنی، بدانتظامی اور پشتونوں کی مسلسل زندگی کے تمام شعبوں میں نظرانداز ی کے لیے جو بھی لائحہ عمل طے ہوگا، ہر ضلع جرگہ اسے عملی جامع پہنانے میں اپنا کردار ادا کرے گا۔ آخر میں جرگے کے شرکاء کا شکریہ ادا کیا گیا اور جرگہ منتظمین کو داد وتحسین پیش کی اور اختتام پر دعا کی گئی۔

بقیہ 03

جسٹس جمال خان مندوخیل کی عدالتی خدمات اور سپریم کورٹ میں ان کے دور سے متعلق اظہار خیال کیا جائے گا۔ اس موقع پر چیف جسٹس آف پاکستان سمیت اہم شخصیات کی جانب سے بھی خطاب متوقع ہے۔ جسٹس جمال خان مندوخیل 12 نومبر کو اپنے عہدے سے ریٹائر ہو رہے ہیں، جبکہ ان کے اعزاز میں فل کورٹ ریفرنس ریٹائرمنٹ سے ایک روز قبل منعقد ہوگا۔

بقیہ 04

۔تقریب کے میزبان پاکستان میں جاپان کے سفیر اکاماتسو شوئیچی تھے۔ تقریب میں سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف، مشیر سرمایہ کاری بورڈ اور پاکستان جاپان بزنس فورم کے وائس چیئرمین سید فیروز شاہ، جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے کوئٹہ بلوچستان سید ندیم عالم شاہ، ان کی اہلیہ سابق صدر کوئٹہ چلتن لائنز کلب خدیجہ ندیم سمیت مختلف ممالک کے سفارت کاروں، اعلیٰ سرکاری حکام، کاروباری شخصیات اور میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔ تقریب میں جاپان ڈیفنس اٹیچی نے جاپان سیلف ڈیفنس فورسز کی نمائندگی کی۔ جاپانی سفیر اکاماتسو شوئیچی نے معزز مہمانوں کا خیرمقدم کیا۔ اس موقع پر سید فیروز شاہ، سید ندیم عالم شاہ اور خدیجہ ندیم نے جاپانی سفیر اور ان کی اہلیہ کو یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کی اور انہیں گلدستہ پیش کیا۔ تقریب کا آغاز پاکستان اور جاپان کے قومی ترانوں سے ہوا، جس کے بعد جاپانی سفیر اور مہمان خصوصی نے سالگرہ کا کیک کاٹ کر تقریب کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جاپانی سفیر اکاماتسو شوئیچی نے کہا کہ جاپان دنیا کو ایٹمی ہتھیاروں سے پاک دیکھنے کا خواہاں ہے اور عالمی امن، استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ کو اہمیت دیتا ہے، جاپان کی پہلی خاتون وزیراعظم ہائی ایکی تکیشی تاکائیچی سانائے کی قیادت میں جاپان اور پاکستان کے تعلقات باہمی احترام، اعتماد اور تعاون کی بنیاد پر مزید مضبوط ہوں گے۔ جاپانی سفیر نے پاکستان اور جاپان کے درمیان دوستانہ تعلقات کو اہم قرار دیتے ہوئے دوطرفہ تعاون کے مختلف شعبوں میں روابط کو مزید فروغ دینے کی امید ظاہر کی۔ تقریب میں دونوں ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات، دفاعی تعاون، سفارتی روابط اور باہمی اشتراک عمل کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ پاکستان جاپان بزنس فورم کے وائس چیئرمین سید فیروز شاہ، جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے کوئٹہ بلوچستان سید ندیم عالم شاہ، ان کی اہلیہ سابق صدر کوئٹہ چلتن لائنز کلب خدیجہ ندیم سمیت دیگر معزز مہمانوں نے جاپان کے سیلف ڈیفنس فورسز کے یوم تاسیس کے حوالے سے جاپانی عوام اور حکومت کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ 05

اضافہ ہوا، جس کے باعث قرضوں کی ادائیگی ملکی معیشت کے لیے ایک اہم چیلنج بن گئی ہے۔ عالمی بینک کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کے 107 ارب ڈالر سے زائد بیرونی قرضے سرکاری نوعیت کے ہیں، جبکہ نجی شعبے کے غیر ضمانتی بیرونی قرضوں کا حجم 17.58 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ پاکستان پر 10.45 ارب ڈالر کے قلیل مدتی بیرونی واجبات بھی موجود ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ چین 22.4 ارب ڈالر کے قرضوں کے ساتھ پاکستان کا سب سے بڑا دوطرفہ قرض دہندہ ہے۔ عالمی بینک کے انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ ایسوسی ایشن (آئی ڈی اے) کے ذمے پاکستان کے 19.2 ارب ڈالر جبکہ ایشیائی ترقیاتی بینک کے 16.83 ارب ڈالر کے قرضے واجب الادا ہیں۔

مجموعی طور پر دوطرفہ قرض دہندگان کے ذمے پاکستان کے 42.4 ارب ڈالر واجب الادا ہیں، جبکہ سرکاری بیرونی قرضوں میں کثیرالجہتی مالیاتی اداروں کا بھی نمایاں حصہ ہے۔ عالمی بینک کے مطابق عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے 2025 کے دوران پاکستان کو ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلٹی (ای ایف ایف) اور ریزیلیئنس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلٹی (آر ایس ایف) کے تحت 2.3 ارب ڈالر فراہم کیے۔ دوسری جانب چین نے پاکستان کو تقریباً 2 ارب ڈالر کے قرضوں کی ادائیگی میں مہلت بھی دی۔ رپورٹ میں سرکاری اور نجی بیرونی قرضوں کی شرائط میں نمایاں فرق کی نشاندہی کرتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ نجی قرضوں پر اوسط شرح سود 8.6 فیصد تک پہنچ گئی ہے، جبکہ سرکاری قرضوں پر اوسط شرح سود 3.6 فیصد ہے۔ نجی قرضوں کی واپسی کی اوسط مدت صرف تین سال اور رعایتی مدت ایک سال ہے، اس کے برعکس سرکاری قرضوں کی واپسی کی اوسط مدت 16 سال اور رعایتی مدت چار سال ہے۔ عالمی بینک کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کا بیرونی قرضہ مجموعی قومی آمدنی (جی این آئی) کے 34 فیصد کے برابر ہے، جبکہ ملک کی برآمدات کا تقریباً 33 فیصد حصہ قرضوں کی ادائیگی پر خرچ ہو رہا ہے۔ قرضوں کی ادائیگی کے لیے برآمدی آمدنی کا اتنا بڑا حصہ مختص ہونا پاکستان کے بیرونی مالیاتی دباؤ کو ظاہر کرتا ہے۔ رپورٹ میں قرضوں کے بڑھتے ہوئے دباؤ سے نمٹنے کے لیے برآمدات میں اضافے، بیرونی قرضوں کے حصول میں بہتر شرائط کو ترجیح دینے اور مؤثر قرضہ مینجمنٹ حکمت عملی اپنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔

بقیہ 06

حاصل کر کے آئندہ کانگریس میں اپنی پوزیشن مضبوط کر لی ہے، جبکہ ٹیکساس سمیت روایتی ریپبلکن ریاستوں میں بھی اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران جنگ اور اس کے نتیجے میں توانائی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے امریکی عوام کی معاشی مشکلات میں اضافہ کیا، جس کا اثر انتخابی نتائج پر بھی نظر آیا۔ ان کے بقول یہ نتائج اس امر کا پیغام ہیں کہ عوام مسلسل جنگ، بڑھتے ہوئے اخراجات اور معاشی غیر یقینی صورت حال سے نجات چاہتے ہیں۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ ان نتائج کے اثرات صرف امریکی داخلی سیاست تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ مشرق وسطیٰ کی صورت حال پر بھی مرتب ہو سکتے ہیں۔ کانگریس میں ڈیموکریٹس کی اکثریت ٹرمپ انتظامیہ کی جنگی پالیسیوں، ایران کے خلاف فوجی کارروائیوں اور اسرائیل کی غیر مشروط حمایت پر سیاسی دباؤ بڑھا سکتی ہے۔ تاہم اس دباؤ کے عملی نتائج نئی کانگریس کے فیصلوں اور امریکی انتظامیہ کے طرز عمل پر منحصر ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسرائیل میں نیتن یاہو کی سیاسی مشکلات اور حکومت سازی میں تعطل بھی خطے کے لیے اہم ہیں۔ اگر اسرائیل میں نئی قیادت سامنے آتی ہے اور امریکہ میں جنگ مخالف سیاسی دباؤ بڑھتا ہے تو ایران کے ساتھ مذاکرات، فلسطین میں امن اور لبنان سمیت خطے کے دیگر محاذوں پر کشیدگی کم کرنے کے لیے سفارتی مواقع پیدا ہو سکتے ہیں۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی نے زور دیا کہ پائیدار امن کے لیے امریکہ اور اسرائیل کی پالیسیوں میں عملی تبدیلی، ایران کے ساتھ بامقصد مذاکرات، فلسطینی عوام کے جائز حقوق کی پاسداری اور علاقائی ممالک کی خودمختاری کا احترام ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی تبدیلیاں اسی وقت امن کی حقیقی امید بن سکتی ہیں جب ان کے نتیجے میں جنگ بندی، شہریوں کے تحفظ اور تنازعات کے پرامن حل کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 07

ی نعیم کریم، محترمہ شاندانہ، ڈاکٹر ارشاد احمد خان، ڈاکٹر محمد نجمی، قبائلی عمائدین، وکلاء اور سماجی تنظیموں کے نمائندے بھی شریک تھے۔ ملاقات کے دوران ملک کی سیاسی، معاشی اور پارلیمانی صورتحال، حکومتی اصلاحات، معاشی استحکام، سرمایہ کاری کے فروغ، صنعتی و تجارتی سرگرمیوں میں اضافے، قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ پاکستان کو معاشی استحکام اور پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ سیاسی اور عسکری قیادت کی مدبرانہ حکمت عملی، باہمی ہم آہنگی اور قومی مفادات کو مقدم رکھتے ہوئے کیے جانے والے اقدامات سے ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور ترقی کے نئے مواقع پیدا کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی یکجہتی، سیاسی استحکام اور معاشی اصلاحات موجودہ حالات میں خصوصی اہمیت کی حامل ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ملکی معیشت کی مضبوطی کے لیے کاروباری ماحول کو بہتر بنانے، سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھانے، صنعتی استعداد کار میں اضافے اور تجارت کے فروغ پر توجہ دی جا رہی ہے۔ پاکستان میں ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، جن سے استفادہ کر کے روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں اور برآمدات میں اضافہ ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بالخصوص خیبرپختونخوا اور بلوچستان قدرتی وسائل اور معدنی ذخائر سے مالا مال ہیں۔ ان وسائل کو جدید ٹیکنالوجی، سائنسی تحقیق، مؤثر منصوبہ بندی اور شفاف طریقہ کار کے ذریعے قومی ترقی کے لیے بروئے کار لانا ضروری ہے۔ معدنی وسائل کی دریافت اور مقامی سطح پر ویلیو ایڈیشن سے نہ صرف قومی معیشت مضبوط ہوگی بلکہ متعلقہ علاقوں میں روزگار اور صنعتی ترقی کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پسماندہ علاقوں کی ترقی اور مقامی آبادی کو ترقی کے ثمرات میں شریک کرنا ناگزیر ہے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ تعلیم، صحت، بنیادی ڈھانچے، توانائی اور انسانی وسائل کی ترقی حکومتی ترجیحات کا اہم حصہ ہیں۔ نوجوانوں کی صلاحیتوں سے استفادہ اور ہنرمند افرادی قوت کی تیاری ملکی پیداواری صلاحیت میں اضافے کے لیے ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ قومی پالیسی سازی، قانون سازی، حکومتی اقدامات کی نگرانی اور عوامی مسائل کی نمائندگی میں بنیادی آئینی کردار ادا کرتی ہے۔ پارلیمنٹیرینز کو قومی مفاد اور عوامی توقعات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنا مثبت اور تعمیری کردار ادا کرنا چاہیے۔ سیاسی قیادت اور پارلیمانی اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ قومی مسائل کے حل اور جمہوری استحکام کے لیے ناگزیر ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے مزید کہا کہ پاکستان خطے میں امن، مذاکرات، باہمی احترام اور اقتصادی تعاون کا خواہاں ہے۔ علاقائی امن واستحکام تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی ترقی کے فروغ کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کو معاشی طور پر مضبوط، سیاسی طور پر مستحکم اور خوشحال ملک بنانے کے لیے تمام قومی اداروں، پارلیمنٹیرینز، سیاسی قیادت، کاروباری برادری اور معاشرے کے تمام طبقات کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔ قومی وسائل سے بھرپور استفادہ، سرمایہ کاری میں اضافہ، اصلاحات کے تسلسل اور عوامی فلاح و بہبود کے ذریعے پاکستان کو ترقی و خوشحالی کی

نئی منزلوں تک پہنچایا جا سکتا ہے۔

بقیہ 08

کئے۔ اس موقع پر آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر، ڈی جی نادرا اسماعیل جہانگیر، ایڈیشنل آئی جی آپریشنز شہزادہ اکبر، ایڈیشنل آئی جی ایڈمن جاوید مہر، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز و اسپیشل برانچ طاہر علاؤالدین، ڈی آئی جی ٹیلی ڈیزرخان ناصر اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اس معاہدے کے تحت نادرا بلوچستان پولیس کو جدید ملٹی بائیومیٹرک ویری فکیشن سسٹم (MBVS)، نادرا فارنزک ایکوزیشن اپلیکیشن (NFAA) اور پاک آئی ڈی انٹرپرائز یوزر (Enterprise UserPakID) کی سہولیات فراہم کرے گا۔ پولیس اور نادرا کے مابین معاہدے کے تحت پولیس خدمت مرکز (PKM) کے ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر پاک آئی ڈی موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے شہریوں کی بائیومیٹرک تصدیق، شناختی کارڈز اور ڈیجیٹل شناختی دستاویزات کی جانچ پڑتال اور مجاز پولیس اہلکاروں کے لیے جدید شناختی تصدیقی سہولیات میسر آئیں گی۔ اس اقدام سے شناختی تصدیق کے عمل کو مزید مؤثر، مستند اور جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ بنانے میں مدد ملے گی، جبکہ عوام کو فراہم کی جانے والی پولیس خدمات کے معیار میں بھی بہتری آئے گی۔ جبکہ نادرا فارنزک ایکوزیشن ایپلی کیشن (NFAA) کے ذریعے فنگر پرنٹس اور چہرے کی شناخت پر مبنی جدید فارنزک میچنگ کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی، جس کے نتائج ایک محفوظ رابطہ نظام کے ذریعے سنٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں قائم مخصوص پورٹل پر دستیاب ہوں گے۔ یہ سہولت جرائم کی تفتیش، مشتبہ افراد کی شناخت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی آپریشنل صلاحیتوں میں اضافے کے لیے اہم کردار ادا کرے گی۔ معاہدے میں شہریوں کے کوائف کے تحفظ، رازداری اور مجاز استعمال کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ سیکورٹی ضوابط کی پابندی بھی شامل ہے۔ یہ اسٹریٹجک شراکت داری بلوچستان میں ڈیجیٹل پولیسنگ کے فروغ، جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال اور ادارہ جاتی استعداد کار میں اضافے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ بلوچستان پولیس اور نادرا کے مابین یہ تعاون صوبے میں محفوظ، مؤثر، شفاف اور عوام دوست پولیسنگ کے قیام کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرے گا۔

بقیہ 09

کے مطابق پاکستانی سکیورٹی فورسز کی جانب سے سرحدی حدود میں دہشت گردوں کی نقل وحرکت روکنے پر افغان طالبان نے بلااشتعال فائرنگ شروع کر دی، جس کا پاکستانی فورسز نے فوری، مؤثر اور بھرپور جواب دیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق شلوزان سیکٹر میں پاک افغان سرحد پر دہشت گرد تشکیل کی دراندازی کی کوشش کے دوران پاکستانی سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دراندازی کی کوشش کو ناکام بنایا۔ سرحد پر موجود فورسز نے دہشت گردوں کی نقل وحرکت کا نوٹس لیتے ہوئے انہیں پاکستانی حدود میں داخل ہونے سے روک دیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستانی فورسز کی جانب سے دراندازی کی کوشش ناکام بنائے جانے پر افغان طالبان نے بلااشتعال فائرنگ شروع کر دی، جس کے بعد سرحدی صورتحال کشیدہ ہوگئی۔ پاکستانی سکیورٹی فورسز نے اس کارروائی کا فوری جواب دیتے ہوئے بھاری ہتھیاروں کا استعمال کیا اور افغان طالبان کی جانب سے کی جانے والی فائرنگ کا مؤثر جواب دیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستانی فورسز کی جوابی کارروائی کے نتیجے میں دہشت گرد تشکیل کی دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی گئی، جبکہ افغان طالبان کی سرحدی پوسٹوں کو بھی بھاری نقصان پہنچا۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستانی سکیورٹی فورسز نے سرحدی حدود کے تحفظ اور دہشت گردوں کی دراندازی روکنے کے لیے مؤثر کارروائی کی۔ فورسز کی بروقت جوابی کارروائی کے باعث دہشت گرد عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہ ہو سکے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستان کی سکیورٹی فورسز سرحدوں کے دفاع، ملکی خودمختاری کے تحفظ اور دہشت گردی کی روک تھام کے لیے چوکس ہیں اور کسی بھی سرحدی خلاف ورزی یا دراندازی کی کوشش کا مؤثر جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔

بقیہ 10

گزشتہ روز سکیورٹی فورسز نے آپریشن ردالفتنہ ہندوستان کے تحت انٹیلی جنس بیسڈ معلومات پر خضدار کے علاقے انارجی جھال میں دہشت گردوں کی نقل و حرکت کی اطلاع ملنے پر سکیورٹی فورسز کی جانب سے کارروائی کرتے ہوئے دو موٹر سائیکلوں پر سوار دہشت گردوں کو نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں 2 دہشت گرد ہلاک جبکہ 2 زخمی حالت میں فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے جن کی تلاش کا عمل جاری ہے۔

بقیہ 11

مربوط حکمت عملی اپنائیں۔ اسلامی ممالک کے پاس وسیع قدرتی وسائل، افرادی قوت اور معاشی صلاحیتیں موجود ہیں، جنہیں باہمی تعاون کے ذریعے مشترکہ خوشحالی میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ وفاقی وزیر تجارت نے یہ بات اقتصادی و تجارتی تعاون کی قائمہ کمیٹی (COMCEO) کے 42ویں اجلاس کی اختتامی نشست سے او آئی سی رکن ممالک کی جانب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے اسلامی ممالک کے درمیان تجارتی روابط مضبوط بنانے، برآمدات میں اضافے اور کاروباری شعبے کو جدید مالیاتی سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ جام کمال خان نے کہا کہ اسلامی ممالک کے درمیان باہمی تجارت بڑھانے کے لیے مؤثر تجارتی مالیاتی سہولتوں کی فراہمی ناگزیر ہے۔ خصوصاً چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں اور برآمد کنندگان کو آسان اور کم لاگت پر مالی معاونت فراہم کرنا ہوگی تاکہ وہ عالمی منڈیوں میں بہتر انداز میں مقابلہ کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ تجارتی مالی معاونت کی راہ میں حائل قانونی، انتظامی اور مالی رکاوٹوں کو مشترکہ کوششوں سے دور کرنے کی ضرورت ہے۔ اسلامی ممالک کو برآمدی قرضوں کی ضمانتوں اور جدید مالیاتی سہولتوں کے نظام کو مضبوط بنانا چاہیے، جبکہ شریعت کے مطابق اسلامی تجارتی مالیاتی نظام کا فروغ بھی برآمدات اور سرمایہ کاری میں اضافے کا مؤثر ذریعہ بن سکتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کسٹمز اور بینکاری نظام کی ڈیجیٹلائزیشن پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جدید ڈیجیٹل نظام سے سرحد پار تجارت آسان، تجارتی اخراجات کم اور کاروباری سرگرمیوں میں تیزی لائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے خواتین اور نوجوانوں کے زیر انتظام کاروباروں کو خصوصی مالی سہولیات اور تکنیکی معاونت فراہم کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ جام کمال خان کا کہنا تھا کہ اسلامی ممالک کے درمیان تجارتی روابط کے ساتھ ٹرانسپورٹ، سیاحت اور ڈیجیٹل تعاون کو بھی مستحکم کرنا ہوگا۔ نجی شعبہ سرمایہ کاری، صنعتی ترقی، جدت اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے میں بنیادی کردار ادا کر سکتا ہے، اس لیے کاروباری اداروں کے درمیان شراکت داری کو فروغ دینا ضروری ہے۔ انہوں نے زرعی تحقیق، جدید ٹیکنالوجی اور غذائی تحفظ کے شعبوں میں اسلامی ممالک کے

درمیان تعاون بڑھانے پر بھی زور دیا اور کہا کہ مشترکہ منصوبوں کے ذریعے زرعی پیداوار اور غذائی تحفظ کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ فلسطین کی صورتحال پر اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر تجارت نے او آئی سی رکن ممالک کی جانب سے فلسطینی عوام کے حق خودارادیت کی بھرپور حمایت کا اعادہ کیا۔ انہوں نے غزہ میں انسانی المیے، مقبوضہ بیت المقدس کی حیثیت تبدیل کرنے کے اقدامات اور غیر قانونی بستیوں کی توسیع پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین کے مسئلے کے منصفانہ اور پائیدار حل کے لیے اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں پر مکمل عملدرآمد ضروری ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ COMCEC اجلاس کی اصل کامیابی اس کی سفارشات اور فیصلوں پر مؤثر عملدرآمد سے مشروط ہے۔ اسلامی ممالک کو مشترکہ اقتصادی اہداف کے حصول کے لیے باہمی روابط اور شراکت داری مزید مضبوط بنانا ہوگی۔ جام کمال خان نے کامیاب اجلاس کے انعقاد اور بہترین میزبانی پر ترک حکومت اور عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اسلامی یکجہتی اور مشترکہ اقتصادی تعاون کے ذریعے مضبوط، مستحکم اور باہم مربوط معیشتوں کی تشکیل ممکن ہے۔

بقیہ 12

دورہ کیا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم نے مختلف بینکوں کے منیجرز سے ملاقات کی اور بینکوں میں نقد رقوم (کیش) کی دستیابی، صارفین کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور دیگر امور سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بینکوں کی جانب سے دکانداروں کو فراہم کردہ ٹرانزیکشن ڈیوائسز اور ٹرانزیکشن ٹیکس کی کٹوتی سے متعلق بھی معلومات حاصل کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے بینک منیجرز کو ہدایت کی کہ ملازمین، پنشنرز، تاجروں اور دیگر کاروباری حضرات کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے بینکوں میں نقد رقوم کی وافر دستیابی یقینی بنائی جائے، تاکہ شہریوں کو لین دین اور دیگر بینکاری امور کی انجام دہی میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 13

میوں میں شامل کرنے سے متعلق اہم انکشافات کیے ہیں۔ پریس کانفرنس کے دوران خاتون نے دعویٰ کیا کہ ان کے چچا کے قتل کے بعد مذکورہ تنظیم کے افراد نے واٹس ایپ کے ذریعے ان سے رابطہ کیا اور قتل کا بدلہ لینے کے نام پر انہیں تنظیم کے ساتھ منسلک ہونے پر اکسایا۔ ان کے مطابق ذاتی صدمے اور جذباتی کیفیت کو بنیاد بنا کر انہیں تنظیم کے مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کی گئی۔ خاتون کا کہنا تھا تنظیم کی جانب سے انہیں دیگر لڑکیوں کو تنظیم میں بھرتی کرنے کی ذمہ داری بھی سونپی گئی۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ انہیں فدائی بننے کی پیشکش بھی کی گئی، تاہم انہوں نے فتح اسکواڈ میں شامل ہونے کی خواہش ظاہر کی۔ یہ تمام معاملات اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ کس طرح نوجوانوں، بالخصوص خواتین کو جذباتی دباؤ اور مخصوص بیانیے کے ذریعے شدت پسند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ انہوں نے مزید الزام عائد کیا کہ تنظیم بلوچ خواتین اور نوجوانوں کو گمراہ کر رہی ہے، ذاتی رنجشوں اور انتقام کے جذبات کے ذریعے اپنے مقاصد کے لیے استعمال کرتی ہے۔ ان کے مطابق نوجوانوں کو اصل حقائق سے دور رکھ کر ایسے راستے پر ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہے جس کا نتیجہ ان کی اپنی زندگیوں اور خاندانوں کے لیے تباہ کن ثابت ہو سکتا ہے۔ پریس کانفرنس میں خاتون نے ماضی کے فیصلوں پر شدید شرمندگی اور ندامت کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعلان کیا کہ وہ آئندہ ہمیشہ ریاست پاکستان کی وفادار رہیں گی اور کسی بھی ایسی سرگرمی کا حصہ نہیں بنیں گی جو ملک اور معاشرے کے امن کے لیے نقصان دہ ہو۔ یہ واقعہ اس اہم سوال کو بھی اجاگر کرتا ہے کہ نوجوانوں کو انتہا پسندی، جذباتی استحصال اور دہشت گرد تنظیموں کے ممکنہ بھرتی نیٹ ورکس سے محفوظ رکھنے کے لیے خاندانی رہنمائی، تعلیم، سماجی شعور اور مؤثر ریاستی اقدامات کس قدر ضروری ہیں۔ ماہرین کے نزدیک ایسے معاملات میں نوجوانوں کی بحالی، نفسیاتی معاونت، تعلیم اور معاشرے میں دوبارہ مثبت کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرنا بھی ناگزیر ہے، تاکہ شدت پسندی کے راستے سے واپس آنے والے افراد کو ایک محفوظ اور تعمیری مستقبل میسر آ سکے۔

بقیہ 14

رت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو انفرادی سیاحتی مقامات کے بجائے ایک متحد سیاحتی منزل کے طور پر دنیا کے سامنے پیش کرنا ہوگا، تاکہ بین الاقوامی سیاحوں کو ملک کے مختلف علاقوں کی خوبصورتی، ثقافت اور سیاحتی سہولیات سے متعارف کرایا جا سکے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ سیاحت کے بے پناہ امکانات سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لیے مؤثر حکمت عملی، ادارہ جاتی تعاون اور بہتر منصوبہ بندی ناگزیر ہے۔ اس شعبے کی ترقی کے لیے وفاق اور صوبوں کے درمیان رابطہ کاری کو مزید مضبوط بنانا ہوگا۔ احسن اقبال نے مزید کہا کہ سیاحت اور کھیلوں کے فروغ کے لیے صوبوں کے درمیان بہتر تعاون اور ہم آہنگی ضروری ہے۔ پاکستان ٹورزم، اسپورٹس اینڈ فیملی فیسٹیول جیسے قومی سطح کے پروگرام سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ دینے، ملکی ثقافت اجاگر کرنے اور عوام کو تفریحی مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ تین روزہ پاکستان ٹورزم، اسپورٹس اینڈ فیملی فیسٹیول 6 سے 8 نومبر تک اسلام آباد میں جاری رہے گا۔ اس میں سیاحت، کھیل، ثقافت، مہم جوئی، روایتی کھانوں، دستکاری اور خاندانی تفریح سے متعلق مختلف سرگرمیاں شامل ہیں۔

بقیہ 15

شکار حق موقع پر ہی فراہم کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق محلہ کوشک، خضدار کے رہائشی عبدالحمید نے این آر ایس پی (NRSP) کی جانب سے سروے کے تمام مراحل مکمل ہونے کے باوجود امدادی رقم کی عدم فراہمی پر وفاقی محتسب سے رجوع کیا تھا۔ سائل کے مکان کی تعمیرنو کے لیے 1,00,000 روپے پر مشتمل پہلی قسط کا کیس بینک اسلامی خضدار برانچ میں بلاجواز تاخیر التوا کا شکار تھا۔ وفاقی محتسب نے معاملے کی سنگینی اور عوام الناس کی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے فوری نوٹس لیا اور تمام متعلقہ فریقین بشمول بینک نمائندگان کو طلب کیا۔ سماعت کے دوران محتسب کی سخت اور قانونی ہدایت پر تمام التوا میں پڑے قانونی وانتظامی مراحل فوراً مکمل کیے گئے، جس کے نتیجے میں سرکاری ٹیکس کی ضروری کٹوتی کے بعد 1,00,000 (ایک لاکھ) روپے کی نقد قسط موقع پر ہی سائل عبدالحمید کے حوالے کر دی گئی۔ علاوہ ازیں، محتسب کی ہدایت پر بینک اور متعلقہ حکام کی جانب سے یقین دہانی کرائی گئی کہ مکان کی تعمیراتی پیشرفت کے مطابق آئندہ تمام بقایا اقساط کی ادائیگی بھی بغیر کسی تاخیر کے بروقت یقینی بنائی جائے گی۔ متاثرہ شہری کو دادرسی اور نقد امداد کی فوری فراہمی پر مذکورہ شکایت کو کامیابی کے ساتھ داخل دفتر (Disposed of) کر دیا گیا۔ سائل عبدالحمید نے وفاقی محتسب کی جانب سے انصاف کی تیز رفتار

اور بلا معاوضہ فراہمی پر بے حد مسرت کا اظہار کرتے ہوئے ادارے کے جاتی اقدامات کو سراہا۔

بقیہ 16

اور ان پر عمل درآمد سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے صوبائی وزیر کو ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور مختلف اسکیموں پر ہونے والی پیش رفت، درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کیچ میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے منصوبوں کے معیار، شفافیت اور تعمیراتی کاموں کی نگرانی پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ عوام کو ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات بروقت حاصل ہو سکیں۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے صوبائی وزیر کو یقین دہانی کرائی کہ ضلع میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی کی جا رہی ہے اور ان کی بروقت تکمیل کے ساتھ ساتھ معیار اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 17

میں ایسے تمام اکاؤنٹس کی مرحلہ وار بندش کے لیے مستقل نظام بھی وضع کر لیا گیا ہے۔ پی ٹی اے حکام کے مطابق غیر فعال اور منسوخ شدہ سموں پر رجسٹرڈ واٹس ایپ اکاؤنٹس کے ذریعے سائبر فراڈ اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کی شکایات سامنے آنے کے بعد پی ٹی اے اور جنات کے ساتھ مل کر یہ اقدام کیا گیا ہے۔ ایسے موبائل نمبرز جو ایک صارف کے استعمال سے نکلنے کے بعد کسی دوسرے صارف کو جاری کیے جاتے ہیں، ان پر پہلے سے موجود واٹس ایپ اکاؤنٹس فراڈ کا ذریعہ بن رہے تھے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ملک میں ٹیلی کام آپریٹرز کے پاس تقریباً ایک کروڑ 60 لاکھ ری سائیکل موبائل نمبرز موجود ہیں، جبکہ پی ٹی اے نے ان میں سے ایک کروڑ نمبرز کی تفصیلات میٹا کو فراہم کی تھیں۔ ابتدائی کارروائی کے نتیجے میں ان نمبرز پر فعال ایک لاکھ 76 ہزار واٹس ایپ اکاؤنٹس بلاک کر دیے گئے ہیں۔ پی ٹی اے حکام کے مطابق اتھارٹی اور میٹا کے درمیان غیر فعال اور ری سائیکل نمبرز پر موجود واٹس ایپ اکاؤنٹس کی بندش کے لیے مستقل میکانزم طے پا گیا ہے۔ اس نظام کے تحت ہر ماہ 5 ہزار ری سائیکل نمبرز میٹا کو بھجوائے جائیں گے، جن پر موجود واٹس ایپ اکاؤنٹس کی مرحلہ وار بندش عمل میں لائی جائے گی۔ حکام نے بتایا کہ اس اقدام کا بنیادی مقصد نئے صارفین کو سابقہ مالکان کے نمبرز پر موجود واٹس ایپ اکاؤنٹس کے ممکنہ غلط استعمال، شناخت کے ناجائز استعمال اور مالی فراڈ سے محفوظ بنانا ہے۔ پی ٹی اے حکام کے مطابق میٹا نے گزشتہ سال اتھارٹی کی جانب سے درج کرائی گئی شکایات میں سے 82 فیصد حل کیں، جو دونوں اداروں کے درمیان تعاون کا نتیجہ ہے۔ پی ٹی اے اور میٹا کے درمیان طے پانے والے اس مستقل نظام کو ملک میں سائبر فراڈ کی روک تھام، صارفین کے ڈیجیٹل تحفظ اور موبائل نمبرز کے محفوظ استعمال کی جانب اہم پیشرفت قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 18

مان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ ایمونیشن، منشیات، گاڑی برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق ڈی آئی جی پولیس عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر سٹی پولیس نے ایس پی سٹی ڈویژن آصف خفور کی نگرانی میں ایس ایچ او نے دیگر عملے کے ہمراہ ایک گاڑی کو روک کر تحویل میں لیکر اس میں سوار 4 افراد سے رائفل 6 عدد، میگزین 18 عدد، راؤنڈ 223 عدد، پسٹل راؤنڈ 9 عدد برآمد کر لئے ایک اور کارروائی میں بروری پولیس نے سمیر سکنہ کاسی کے قبضے سے 3 کلو چرس برآمد کر لی قائد آباد پولیس نے اشتہاری ملزم داؤد، مفرور ملزمہ ڈاکٹر عائشہ، ڈاکٹر فاطمہ اور کرایہ داری ایکٹ میں مفرور ملزم عبدالرشید کو گرفتار کر کے تمام کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 19

وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اسلام آباد میں ٹی ڈی اے پی کی کارکردگی اور ادارہ جاتی اصلاحات کے حوالے سے منعقدہ اعلیٰ سطح کے اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں ادارے کے موجودہ ڈھانچے، کارکردگی اور عالمی تجارتی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مجوزہ اصلاحات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی میں اضافہ برآمدات کے فروغ کے لیے کلیدی اہمیت رکھتا ہے اور جدید خطوط پر استوار ٹی ڈی اے پی اس مقصد کے حصول میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی برآمدی استعداد وسیع ہے اور ملک کا جغرافیائی محل وقوع بھی انتہائی موزوں ہے، اس لیے ان صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ زرعی مصنوعات کی برآمدات بڑھانے کے لیے مکمل ایکو سسٹم تشکیل دیا جائے، جس میں پیداوار سے لے کر پراسیسنگ، ویلیو ایڈیشن، معیار اور عالمی منڈیوں تک رسائی کی پوری ویلیو چین شامل ہو۔ انہوں نے کہا کہ ادارے میں اچھی تربیت یافتہ افرادی قوت کو مکمل شفافیت اور میرٹ کی بنیاد پر شامل کیا جائے۔ ادارہ جاتی اصلاحات اسی وقت مؤثر ثابت ہو سکتی ہیں جب ملازمین کی ترقی اور پیشہ ورانہ پیش رفت کو اہداف کے حصول اور کارکردگی سے مشروط کیا جائے۔ وزیراعظم نے ٹی ڈی اے پی کی کارکردگی اور مالی معاملات کے آڈٹ کے لیے اچھی شہرت کی حامل نجی آڈٹ فرم کی خدمات حاصل کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ عالمی سطح پر کامیاب تجارتی فروغ کے ادارے مقامی صنعتوں کی ترقی، برآمد کنندگان کی استعداد میں اضافے اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی کے لیے مربوط خدمات فراہم کرتے ہیں، جبکہ ٹی ڈی اے پی کے موجودہ نظام کو بھی انہی جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے۔ بریفنگ میں ٹی ڈی اے پی کی تنظیم نو کے لیے متعدد اصلاحات پیش کی گئیں، جن میں ادارے کے دائرہ کار کو آٹھ بنیادی افعال تک محدود کرنا، بورڈ اور انتظامی ڈھانچے کی تنظیم نو، علاقائی نیٹ ورک کو مؤثر بنانا، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور مصنوعی ذہانت کا استعمال اور کارکردگی جانچنے کے لیے قابل پیمائش اشاریوں کا نظام متعارف کرانا شامل ہے۔ مجوزہ اصلاحاتی منصوبے کے تحت ادارے کی کارکردگی کا آزادانہ تھرڈ پارٹی جائزہ بھی لیا جائے گا، جبکہ اصلاحات پر عملدرآمد کے لیے منظوری، ڈیزائن، نفاذ اور آزادانہ جانچ پر مشتمل 12 ماہ کا مرحلہ وار لائحہ عمل پیش کیا گیا۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ اصلاحاتی عمل آئندہ سال کے وسط تک مکمل کر کے اس کا عملی نفاذ یقینی بنایا جائے تاکہ ٹی ڈی اے پی کو ایک مؤثر اور عالمی معیار کے تجارتی فروغ کے ادارے میں تبدیل کیا جا سکے۔ اجلاس میں وفاقی

وزراء رانا تنویر حسین، جام کمال خان، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، عطاء اللہ تارڑ، شزہ فاطمہ خواجہ، ڈاکٹر مصدق ملک، وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 20

تیزی لائی جائے اور تمام منصوبے مقررہ وقت اور معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے زور دیا کہ سکولوں کے قیام کے ساتھ ہی اساتذہ اور دیگر عملے کی تعیناتی کے لیے اشتہارات جاری کیے جائیں تاکہ تعمیر مکمل ہوتے ہی بچوں کو تعلیمی سہولت فراہم کی جا سکے اور کسی قسم کا وقت ضائع نہ ہو۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ژوب، قلعہ سیف اللہ، راڑہ شم، صحبت پور، خضدار، حب اور سبی میں دانش سکولوں کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ چیف سیکرٹری نے متعلقہ ڈپٹی کمشنرز اور محکمہ تعلیم کے حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کی نگرانی کی جائے اور رکاوٹوں کا فوری ازالہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں معیاری تعلیم تک بچوں کی رسائی کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ ہر بچے کو محفوظ، باوقار اور جدید تعلیمی ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، سیکرٹری سکولز لعل جان جعفر اور متعلقہ سینئر آفیسران نے شرکت کی۔

بقیہ 21

مبر 1947 میں جموں میں شہید کیے گئے بے گناہ کشمیری مسلمانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہدائے جموں کی عظیم قربانیوں کو بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے متاثرہ خاندانوں سے بھی یکجہتی کا اظہار کیا۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ 79 سال قبل ڈوگرہ افواج نے جموں کی مسلم آبادی کے خلاف منظم تشدد کیا، جس کے نتیجے میں ہزاروں مرد، خواتین اور بچے شہید ہوئے جبکہ لاتعداد افراد کو اپنے گھروں اور آبائی علاقوں سے بے دخل ہونا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام آج بھی مشکلات اور مصائب کا سامنا کر رہے ہیں اور بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں جاری ہیں۔ عالمی برادری کو کشمیری عوام کی مشکلات کا سنجیدگی سے نوٹس لینا چاہیے۔ صدر مملکت نے واضح کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل کے لیے اپنی کوششوں سے پیچھے نہیں ہٹے گا۔ بھارت کے حوالے سے صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ اسے اشتعال انگیز بیانات اور فوجی مہم جوئی سے گریز کرنا چاہیے۔ پاکستان امن کا خواہاں ہے، تاہم اپنی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور عوام کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے لیے پاکستان کے عزم کو کمزوری نہ سمجھا جائے۔ بھارت کو 5 اگست 2019 کے یکطرفہ اقدامات واپس لینے چاہئیں تاکہ مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کی راہ ہموار ہو سکے۔ صدر مملکت نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی مؤثر نگرانی کے لیے عملی اقدامات کرے اور بین الاقوامی مبصرین کو علاقے تک بلا رکاوٹ رسائی دلانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ صدر آصف علی زرداری نے اپنے پیغام میں اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کی جائز جدوجہد اور حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گا اور خطے میں پائیدار امن کے لیے مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل ضروری ہے۔

بقیہ 22

سربراہی اجلاس کی میزبانی کی تیاریوں کے سلسلے میں اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر نئے اسٹیٹ لاؤنج کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا۔ منصوبے کا مقصد غیر ملکی سربراہان مملکت، اعلیٰ سطح کے وفود اور سرکاری مہمانوں کے لیے عالمی معیار کی ریاستی مہمان نوازی اور پروٹوکول کی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (پی اے اے) کے مطابق وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر نئے اسٹیٹ لاؤنج کا سنگ بنیاد رکھا اور اس موقع پر یادگاری تختی کی نقاب کشائی بھی کی۔ وفاقی وزیر نے تقریب کے دوران شجرکاری بھی کی۔ تقریب میں سیکرٹری دفاع لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد علی، ڈائریکٹر جنرل پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی ایئر وائس مارشل شاہد افضال، چیف آپریٹنگ آفیسر اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ آفتاب گیلانی سمیت دیگر اعلیٰ حکام اور افسران بھی موجود تھے۔ پی اے اے کے مطابق نئے اسٹیٹ لاؤنج کی تعمیر اسلام آباد ایئرپورٹ پر ریاستی مہمان نوازی کی سہولیات کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے غیر ملکی سربراہان، اعلیٰ سطح کے وفود اور دیگر سرکاری مہمانوں کو بہتر اور عالمی معیار کی سہولیات میسر آئیں گی۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کا کہنا ہے کہ اس منصوبے سے اسلام آباد ایئرپورٹ پر ریاستی پروٹوکول اور مہمان نوازی کے انتظامات مزید بہتر ہوں گے، جبکہ ایئرپورٹ کی مجموعی سہولیات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ ایس سی او سربراہی اجلاس 2027 کی میزبانی کے تناظر میں نئے اسٹیٹ لاؤنج کی تعمیر کو اہم پیشرفت قرار دیا جا رہا ہے، جس سے پاکستان میں بین الاقوامی سطح کے اعلیٰ پروٹوکول اور مہمان نوازی کے انتظامات کو مزید مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 23

انسداد دہشت گردی کے تجربات کے تبادلے، آپریشنل مشقوں اور طریقہ کار کو بہتر بنانے سمیت جنگی مہارتوں کو بڑھانے پر مرکوز رہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان اور تاجکستان کی افواج کے درمیان دوطرفہ انسداد دہشت گردی مشق کا تیسرا ایڈیشن اسپیشل آپریشنز اسکول، چیراٹ میں اختتام پذیر ہوگیا۔ 26 اکتوبر سے شروع ہونے والی اس مشق کے دوران انسداد دہشت گردی کے تجربات سے استفادے، آپریشنل مشقوں اور انسداد دہشت گردی آپریشنز کے طریقہ کار کو بہتر بنانے سمیت بہترین طریقوں کے تبادلے کے ذریعے جنگی مہارتوں کو بڑھانے پر توجہ مرکوز رہی، یہ مشق پاکستان اور تاجکستان کے درمیان دیرینہ فوجی تعاون کی عکاسی کرتی ہے اور دوطرفہ دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے دونوں ممالک کے عزم کا اعادہ کرتی ہے۔

بقیہ 24

سے پاکستان میں منہ کھر بیماری سے بچاؤ کی ویکسین مقامی سطح پر تیار کی جائے گی۔ اس اقدام سے نہ صرف جانوروں کی بیماریوں پر قابو پانے بلکہ پاکستان میں بیماری سے پاک زونز کے قیام اور گوشت کی برآمدات میں اضافے کی راہ بھی ہموار ہونے کی توقع ہے۔ اس سلسلے میں وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین سے ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر اوغلو نے ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان لائیو اسٹاک کے شعبے کی ترقی، ویکسین کی مقامی تیاری اور تکنیکی تربیت کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں مجوزہ تعاون کے تحت پاکستانی ماہرین اور متعلقہ عملے کی تربیت کا منصوبہ بھی زیر غور

آیا۔ اس پروگرام کے تحت مجموعی طور پر 100 افراد کو تربیت فراہم کی جائے گی، جبکہ پہلے مرحلے میں 30 پاکستانی افراد کو تربیت کے لیے ترکیہ بھیجا جائے گا۔ ملاقات میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ ترکیہ کی تکنیکی مہارت سے استفادہ کرتے ہوئے پاکستان میں منہ کھر کی ویکسین کی تیاری کے عمل کو فروغ دیا جائے گا، جس سے ویکسین کی مقامی دستیابی بہتر بنانے اور مویشیوں کی صحت کے تحفظ میں مدد ملے گی۔ وفاقی وزیر اور ترک سفیر نے لائیو اسٹاک کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے اور تکنیکی استعداد بڑھانے کی اہمیت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ مجوزہ منصوبے سے پاکستان میں جانوروں کی بیماریوں کی روک تھام، بیماری سے پاک زونز کے قیام اور بین الاقوامی معیار کے مطابق گوشت کی پیداوار و برآمدات بڑھانے میں مدد ملنے کی توقع ہے۔

بقیہ 25

کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، جب ڈوگرہ مہاراجہ کی فوج اور شرپسندوں نے جموں میں لاکھوں مسلمانوں کو شہید کیا یہ سانحہ تاریخ انسانی کا وہ باب ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا شہدائے جموں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر تحریک آزادی کشمیر کی بنیادوں کو مضبوط کیا آج ہم ان عظیم شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جن کی قربانیوں کی بدولت آج کشمیر کا مسئلہ زندہ ہے، پاکستان نے ہمیشہ کشمیری عوام کی حمایت کی ہے اور انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب کشمیر پاکستان کا حصہ بن کر رہے گا۔ مسلم لیگ (ن) (بلوچستان کے رابطہ آفس سے 6 نومبر یوم شہدائے جموں وکشمیر کے موقع پر اپنے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ 6 نومبر ہماری قومی و ملی تاریخ کا ایک اہم اور دردناک دن ہے، جب 1947 میں جموں کے مقام پر ہزاروں بے گناہ مسلمانوں نے اپنے دین، شناخت اور آزادی کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا شہدائے جموں کی عظیم قربانیاں تحریک آزادی کشمیر کی تاریخ کا روشن باب ہیں، جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے جموں نے اپنے لہو سے تحریک آزادی کی بنیادوں کو مضبوط کیا اور آنے والی نسلوں کے لیے عزم، حوصلے اور استقامت کی ایک لازوال مثال قائم کی آج کا دن ہمیں اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اپنے شہدا کی قربانیوں کو یاد رکھتے ہوئے کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی جدوجہد کو ہر فورم پر اجاگر کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر ایک تاریخی اور انسانی مسئلہ ہے، جس کا منصفانہ حل اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق، حق خودارادیت دلانے کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔

بقیہ 26

گا۔ پاکستان نے 47 سال سے ایک دوسرے سے بات چیت نہ کرنے والے دو ممالک کو مذاکرات کی میز پر بٹھانے میں اہم کردار ادا کیا، جبکہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر کامیاب دستخط پاکستان کی سفارتی کوششوں کا واضح ثبوت ہیں۔ مذاکرات اور ثالثی کے عمل میں وقت لگ سکتا ہے، تاہم پاکستان کو امید ہے کہ بالآخر خطے میں امن و استحکام قائم ہوگا۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے ہفتہ وار میڈیا بریفنگ میں پاکستان کی حالیہ سفارتی سرگرمیوں، مشرق وسطیٰ کی صورتحال، پاک چین تعلقات، بھارت، افغانستان، سعودی عرب، ایران، امریکہ اور دیگر علاقائی و عالمی امور پر پاکستان کا مؤقف بیان کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے دیگر ممالک کو بھی ایک پلیٹ فارم پر لا کر امن و استحکام کے حوالے سے بات چیت کا موقع فراہم کیا۔ علاقائی امن صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ پورے خطے اور اس سے باہر کے ممالک کے مفاد میں ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا 23 اکتوبر کو نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے استنبول میں پاکستان، ترکیہ، مصر اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ کے آرفور وزارتی اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں فلسطین، یمن، امریکہ، اسرائیل اور ایران کے درمیان تنازع سمیت مشرق وسطیٰ کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے اجلاس میں فلسطینی عوام کے حق خودارادیت اور آزاد و خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا۔ پاکستان نے مؤقف اختیار کیا کہ فلسطینی ریاست 4 جون 1967 کی سرحدوں کے مطابق قائم ہونی چاہیے، جس کا دارالحکومت مشرقی بیت المقدس ہو۔ اجلاس میں غزہ میں تشدد کے فوری خاتمے اور بلا رکاوٹ انسانی امداد کی فراہمی پر بھی زور دیا گیا۔ آرفور ممالک کے وزرائے خارجہ نے سعودی عرب اور بحیرہ احمر میں حوثی حملوں کی مذمت کرتے ہوئے علاقائی تنازعات کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کو ناگزیر قرار دیا۔ آبنائے ہرمز سے محفوظ اور بلا رکاوٹ بحری آمد ورفت یقینی بنانے پر بھی زور دیا گیا۔ ترجمان نے کہا کہ 23 اکتوبر کو پاکستان اور فرانس، جرمنی، اٹلی اور برطانیہ کے وزرائے خارجہ کے درمیان استنبول میں اہم مشاورتی اجلاس بھی منعقد ہوا۔ اجلاس میں مشرق وسطیٰ کی صورتحال، امریکہ، اسرائیل اور ایران کے درمیان تنازع، یمن کی صورتحال اور علاقائی سلامتی کے امور زیر بحث آئے۔ آبنائے ہرمز، باب المندب اور بحیرہ اسود میں بحری سلامتی کے معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان اور یورپی ممالک نے خطے میں کشیدگی کم کرنے، مذاکرات کے فروغ اور تنازعات کے پرامن حل کے عزم کا اعادہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان نے 26 اکتوبر کو سعودی عرب کے مکہ اور مدینہ کے علاقوں کو نشانہ بنانے والے حوثی ملیشیا کے بیلسٹک میزائل حملوں کی شدید مذمت کی۔ سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے خلاف اس نوعیت کی جارحیت ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے مقدس مقامات کے قریب حملے اسلام کے مقدس مقامات کی حرمت اور شہریوں کی سلامتی کی صریح خلاف ورزی ہیں۔ پاکستان نے سعودی عرب کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی اور حمایت کا اعادہ کیا ہے۔ پاکستان نے اردن میں چرچ کے قریب جنازے کے جلوس پر دہشت گرد حملے کی بھی شدید مذمت کی اور اردن کی حکومت اور عوام سے تعزیت کرتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے پاکستان کی سفارتی کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے ایسے دو فریقین کو ایک چھت تلے بٹھایا جو کئی دہائیوں سے بات چیت بھی نہیں کر رہے تھے۔ پاکستان ایران اور امریکہ کے درمیان تنازع کے حل کے لیے سہولت کاری کا سلسلہ جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ایک مخلص ثالث کی حیثیت سے ممکنہ تمام سفارتی سہولتیں فراہم کی ہیں۔ امن کا قیام جنگ کے بجائے سیاسی مذاکرات اور سفارت کاری سے ممکن ہے۔ بسا اوقات امن عمل میں وقت لگتا ہے، تاہم امید ہے کہ وقت کے ساتھ خطے میں امن قائم ہوگا۔

بقیہ 01

جس سے کئی روز سے معطل آمد و رفت بحال ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے تنگ میزئی میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے، جس میں والد اور بیٹے کو قتل جبکہ ایک نوجوان کو اغوا کیا گیا تھا، کے خلاف مقامی قبائل کی جانب سے میزئی اڈہ پر احتجاجی دھرنا دیا جارہا تھا۔ ضلعی انتظامیہ کی کوششوں، کامیاب مذاکرات اور مغوی نوجوان کی بازیابی کے بعد دھرنا کمیٹی نے اجتماعی مشاورت کے ذریعے احتجاج ختم کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس موقع پر دھرنا کمیٹی کے سربراہ حاجی کلیم اللہ کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے واقعے کے مختلف پہلوؤں اور علاقے کی مجموعی صورتحال پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ احتجاج میں شریک کسی بھی فرد کے خلاف انتقامی کارروائی نہ کی جائے، علاقے کے عوام کو تحفظ فراہم کیا جائے اور ان کے جائز مطالبات کو عملی طور پر حل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی نے دھرنا کمیٹی اور قبائلی مشران کو یقین دہانی کرائی کہ احتجاج میں شریک افراد کے خلاف کسی قسم کی انتقامی کارروائی نہیں کی جائے گی، جبکہ عوام کے جائز مطالبات کے حل، امن و امان کے قیام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے ضلعی انتظامیہ اپنی ذمہ داریاں پوری کرے گی۔ دھرنے کے دوران مختلف قبائلی مشران اور سیاسی رہنماؤں نے بھی خطاب کیا اور علاقے میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ بعد ازاں قبائلی مشران، سیاسی رہنماؤں اور دھرنا کمیٹی کے مشترکہ فیصلے کے تحت احتجاجی دھرنا ختم کرنے کا باضابطہ اعلان کیا گیا۔ اس موقع پر واقعے میں شہید ہونے والے والد اور بیٹے کی میتیں تدفین کے لیے ان کے آبائی علاقے روانہ کر دی گئیں۔ شہداء کی نماز جنازہ آج شام 5 بجے تنگ میزئی کے آبائی قبرستان میں ادا کی جائے گی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خلیل احمد بگٹی، اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ و گلستان عرفان احمد خلجی، مغوی نوجوان کی بازیابی میں اہم کردار ادا کرنے والے جرگے کے سربراہ مولوی مفتی غلام حیدر سمیت قبائلی مشران اور سیاسی رہنما بھی موجود تھے۔ احتجاجی دھرنا ختم ہونے کے بعد کوئٹہ چمن قومی شاہراہ کو ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بحال کر دیا گیا، جس سے مسافروں، ٹرانسپورٹرز اور شہریوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہوا اور شاہراہ پر معمول کی آمد و رفت بحال ہوگئی۔

بقیہ 02

سہولیات فراہم کرنے کے لیے عملہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو بہتر دفتری سہولیات کی فراہمی، زمینداروں اور آبادکاروں کے زرعی کاموں میں آسانی پیدا کرنا اور سرکاری امور میں شفافیت و بروقت کارروائی کو یقینی بنانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ دوسری جانب سے شہریوں نے اعلیٰ حکام سے اپیل کی کہ تحصیل عملے کو سرکاری گاڑی فراہم کی جائے تاکہ عملہ اپنے امور بہتر طریقے سے انجام دے سکے۔

بقیہ 03

29 اکتوبر 2026 سے ریکروٹ کورس کا آغاز ہوا تھا، جس میں بلوچستان کے تمام اضلاع سے منتخب نوجوانوں کو تربیت کے لیے کالج میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی تھی۔ اسی سلسلے میں ریکروٹ کانسٹیبل سمیع اللہ (نمبر 09/RC)، ضلع شیرانی، 4 نومبر 2026 کو تربیت کے لیے کالج پہنچے تھے۔ آج 5 نومبر کی صبح انہیں اچانک سینے میں تکلیف محسوس ہوئی، جس پر فوری طور پر کالج کی ڈسپنسری منتقل کیا گیا۔ ابتدائی طبی معائنے کے بعد ڈاکٹر نے انہیں مزید علاج کے لیے شیخ خلیفہ بن زید ہسپتال کوئٹہ ریفر کیا، جہاں دوران علاج وہ خالق حقیقی سے جا ملے۔ ہسپتال کے ڈاکٹر کے مطابق ان کی وفات کی وجہ ہارٹ اٹیک تھی۔ مرحوم کی نماز جنازہ اور دیگر ضروری کارروائیوں کے بعد میت کو تدفین کے لیے ان کے آبائی علاقے ضلع شیرانی روانہ کر دیا گیا۔ پولیس ٹریننگ کالج کوئٹہ کی انتظامیہ نے اس افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کی ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ آمین۔

بقیہ 04

بھی ملاقات کی اور کالج میں جاری تعلیمی سرگرمیوں، انتظامی امور اور مجموعی تعلیمی ماحول پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر پرنسپل پروفیسر نصیر احمد بلوچ نے انہیں کالج کی تعلیمی سرگرمیوں، ترقیاتی منصوبوں اور ادارے کی مجموعی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ بھی دی۔ رکن صوبائی اسمبلی نے کالج کی بہتری اور تعلیمی سرگرمیوں کے تسلسل کو سراہا۔

بقیہ 05

علاقے میں امن و امان قائم کیا جائے بصورت دیگر دھرنے کو وسعت دیکر احتجاج میں شدت لائی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر جہانگیر شاہ ایڈووکیٹ، رحمت اللہ کاکڑ، امان اللہ پیر علیزئی، باچا خان سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ قلعہ عبداللہ میں امن و امان کی صورتحال دن بدن گھمبیر ہوتی جارہی ہے نامعلوم مسلح لوگوں کو لاکر مختلف علاقوں میں آباد کیا جارہا ہے جو امن و امان کے لئے سب سے بڑا خطرہ بن رہے ہیں۔ چند روز قبل قلعہ عبداللہ میں گاؤں پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کرکے باپ بیٹے سمیت دو افراد کو شہید 2 خواتین کو زخمی کیا اور ایک نوجوان کو اغواء کرکے لے گئے 6 روز بعد مغوی نوجوان بازیاب نہیں کرایا جاسکا۔ شہداء کے لواحقین اپنے پیاروں کی ہمراہ احتجاج کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مغوی نوجوان بازیاب کرا کر مسلح جتھوں کو قلعہ عبداللہ سے نکال کر منشیات اور دہشت گردی سمیت بدامنی کا خاتمہ کیا جائے۔ ہمارے جائز مطالبات پورے کئے جائیں کیونکہ علاقے کے لوگ پرامن شہری ہیں اپنے بچوں کو سکول اور مدارس میں پڑھانا چاہتے ہیں نہ کہ خوف کے سائے میں گھروں میں مقید رہنا چاہتے ہیں۔ اگر ہمارے مطالبات پر عمل نہ کیا گیا احتجاج کو وسعت دیں گے جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور انتظامیہ پر عائد ہوگی۔

بقیہ 06

ہوگئے نعش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز مکران کوسٹل ہائی وے پر بزی ٹاپ کے قریب تیز رفتار ٹرک اور ٹینکر میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک اور 2 زخمی ہو گئے نعش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔ مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 07

مینگل نے اپنے ساتھیوں سمیت باقاعدہ طور پر ایگریکلچر ایمپلائز یونین بلوچستان میں شمولیت اختیار کرلی۔ یونین کے عہدیداران اور کارکنان نے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کا پرتپاک استقبال کرتے ہوئے انہیں خوش آمدید کہا۔ تقریب میں ایگریکلچر ایمپلائز یونین بلوچستان کے صدر عبدالغفار جمالی، جنرل سیکرٹری منظور احمد بلوچ، سینئر نائب صدر شاہنواز زہری، نیاز جاموٹ، اعجاز مینگل، ریاض بلوچ، تیمور شاہ، لطیف بلوچ، حاجی لعل محمد، ایوب لانگو، شفیق احمد سمیت دیگر عہدیداران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو یونین کے اغراض و مقاصد، تنظیمی ڈھانچے، ملازمین کے حقوق کے تحفظ اور اجتماعی جدوجہد کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ملازمین کے جائز حقوق کے حصول اور درپیش مسائل کے حل کیلئے اتحاد و اتفاق کے ساتھ مشترکہ جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایگریکلچر ایمپلائز یونین بلوچستان کے صدر عبدالغفار جمالی نے کہا کہ کسی بھی تنظیم کی اصل طاقت اس کے اتحاد، اتفاق اور باہمی اعتماد میں مضمر ہوتی ہے۔ ملازمین کے جائز حقوق کے حصول، درپیش مسائل کے حل، سروس اسٹرکچر کی بہتری، ترقیوں، مراعات اور فلاح و بہبود کیلئے منظم اور متحد ہو کر جدوجہد کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایگریکلچر ایمپلائز یونین بلوچستان کے سینئر نائب صدر شاہنواز زہری نے کہا کہ انفرادی آواز کے مقابلے میں اجتماعی آواز زیادہ مؤثر اور طاقتور ہوتی ہے، اس لیے تمام ملازمین کو اپنے حقوق کے تحفظ اور مسائل کے حل کیلئے ایک مضبوط پلیٹ فارم پر متحد ہونا چاہیے۔ یونین ملازمین کے حقوق کے تحفظ کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی اور کسی بھی سطح پر ان کے جائز مطالبات سے دستبردار نہیں ہوگی۔ اس موقع پر یونین کے جنرل سیکرٹری منظور احمد بلوچ نے نجیب مینگل اور ان کے ساتھیوں کی شمولیت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان، باصلاحیت اور متحرک ساتھیوں کی یونین میں شمولیت سے تنظیم مزید مستحکم ہوگی اور ملازمین کے حقوق کے حصول کی جدوجہد کو نئی توانائی اور تقویت ملے گی۔ نیاز جاموٹ نے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کا خیرمقدم کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ یونین کے پلیٹ فارم سے ملازمین کے حقوق کے تحفظ، تنظیمی استحکام اور اجتماعی مفادات کے فروغ کیلئے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ تقریب خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں منعقد ہوئی، جہاں شرکاء نے باہمی اتحاد، یکجہتی اور تنظیمی وابستگی کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 08

اور فقیدالمثال احتجاجی مظاہرہ منعقد کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرے کے شرکاء نے شہر کی مختلف شاہراہوں سے ہوتے ہوئے مرکزی آزادی چوک پہنچ کر ایک بڑے جلسے کی شکل اختیار کرلی، جہاں کارکنوں اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کرتے ہوئے اپنے قائد سے یکجہتی کا اظہار کیا۔ احتجاجی مظاہرے سے جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سرپرست اور ضلعی امیر حضرت مولانا سائیں قمرالدین صاحب جمعیت علماء اسلام ضلع خضدار کے جنرل سیکرٹری حضرت مولانا عنایت اللہ رودینی، ضلعی نائب امیر مفتی عبدالقادر شاہوانی آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے جنرل سیکرٹری مولانا محمد اسحاق شاہوانی جمعیت علماء اسلام ضلع خضدار کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالصمد قاسمی، جمعیت علماء اسلام تحصیل خضدار کے امیر قاری نذیر احمد شاکر تحصیل جنرل سیکرٹری مولانا احمد علی جمعیت طلباء اسلام کے مرکزی رہنما حافظ بلال احمد مردوئی اور جمعیت طلباء اسلام ضلع خضدار کے صدر فیصل منیر زہری نے خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خطابات میں کہا کہ قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمن ایک قومی و دینی رہنما ہیں، ان کے خلاف سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا اور کردارکشی کی مہم کسی صورت قابل قبول نہیں۔ جمعیت علماء اسلام اپنے قائد کے خلاف کسی بھی قسم کی سازش اور منفی مہم کو برداشت نہیں کرے گی۔ قائد جمعیت کے خلاف بے بنیاد الزامات اور منظم پروپیگنڈے کا جواب سیاسی، آئینی اور جمہوری انداز میں دیا جائے گا۔ مقررین نے مزید کہا کہ خضدار میں بڑھتی ہوئی بدامنی، عوام کے جان و مال کو لاحق خطرات اور امن و امان کی خراب صورتحال کسی صورت قابل قبول نہیں۔ متعلقہ حکام عوام کے تحفظ کو یقینی بنائیں اور علاقے میں امن و امان کی بحالی کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنادی ہے، عوام شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہیں، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے نے غریب اور متوسط طبقے کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ حکمران عوام کو ریلیف دینے کے بجائے ان کے مسائل میں مزید اضافہ کر رہے ہیں، جس پر فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جمعیت علماء اسلام اپنے قائد، جماعتی موقف، دینی تشخص، عوامی حقوق اور علاقے کے امن و استحکام کے لیے اپنی سیاسی و جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 09

شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع بھر میں حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام (EPI) کی مجموعی کارکردگی، اہم کارکردگی کے اشاریوں (Key Performance Indicators)، ویکسینیشن کے اہداف کے حصول اور جاری سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے پروگرام پر عملدرآمد، فیلڈ میں پیش آنے والے مسائل اور کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے اپنی رپورٹس اور تجاویز پیش کیں۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالسلام کھوسو نے حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کی مؤثر نگرانی، مقررہ اہداف کے حصول، ویکسینیشن کوریج میں بہتری اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط روابط کی اہمیت پر زور دیا۔ اجلاس میں درپیش مسائل کے حل، کارکردگی میں مزید بہتری اور حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کے مؤثر نفاذ کے لیے ضروری اقدامات پر غور کیا گیا، جبکہ متعلقہ افسران اور ویکسینیٹرز کو اپنی ذمہ داریاں مزید مؤثر انداز میں انجام دینے اور فیلڈ سرگرمیوں کی مسلسل نگرانی یقینی بنانے کے لیے ضروری ہدایات بھی جاری کی گئیں۔ اجلاس کا مقصد ضلع بھر میں حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کو مزید فعال، مؤثر اور نتیجہ خیز بنانا اور بچوں کو مختلف موذی امراض سے محفوظ رکھنے کے لیے جاری کوششوں کو بہتر بنانا تھا

بقیہ 10

ہنر فاؤنڈیشن کے تحت نوکنڈی میں کام کر رہا ہے۔ دونوں سینٹرز سے اب تک 700 سے زائد طلباء و طالبات مختلف ہنر سیکھنے کے بعد فارغ التحصیل ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے ملک کے اندر اور بیرون ملک روزگار کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں، جبکہ مختلف وفاقی محکموں میں گریڈ 1 سے گریڈ 16 تک ملازمتوں کے مواقع بھی موجود ہیں۔ ضلع چاغی کے تمام بے روزگار نوجوان، بالخصوص ٹیکنیکل سینٹرز سے تربیت حاصل کرنے والے ہنرمند نوجوان، اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اپنی آن لائن رجسٹریشن یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس میں گرلز اور بوائز کالجز کے پرنسپلز پر زور دیا کہ وہ اپنے اداروں کے طلباء و طالبات کو روزگار کے ان مواقع سے آگاہ کریں اور ان کی آن لائن رجسٹریشن میں معاونت فراہم کریں، تاکہ مستقبل میں نوجوانوں کو یہ شکایت نہ ہو کہ وہ ہاتھوں میں ڈگریاں اٹھائے روزگار کی تلاش میں دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں، مگر انہیں ملازمت کے مواقع فراہم نہیں کیے جا رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ ضلع چاغی کے نوجوانوں کے لیے ایک اہم موقع ہے۔ تمام بے روزگار نوجوان، طلباء و طالبات اپنی آن لائن رجسٹریشن کروائیں، جبکہ بیرون ملک روزگار کے خواہشمند نوجوان بھی دستیاب مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔

بقیہ 11

سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے کہا کہ بیرون ملک روزگار کے لیے ڈسٹرکٹ خضدار کے بے روزگار نوجوانوں نے ان لائن اپلائی رجسٹریشن کروائی ہے وہ نوجوان 9 نومبر 10 بجے ڈپٹی کمشنر کے آفس میں انٹرویو دینے کے لیے اپنی حاضری کو یقینی بنائیں حکومت بلوچستان نوجوانوں کو ہنرمند بنانے اور انہیں بیرون ملک روزگار کے مواقع تک رسائی فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے تمام ضلعی سربراہان کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے محکموں کے ذریعے نوجوانوں کو اس حکومتی پروگرام سے متعلق آگاہی فراہم کریں اور رجسٹریشن سمیت درخواست دینے کے طریقہ کار سے مکمل طور پر آگاہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا مقصد زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو مستفید کرنا ہے تاکہ وہ فنی مہارت حاصل کر کے بیرون ملک روزگار کے بہتر مواقع سے فائدہ اٹھا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر ضلع کو ایک سو نوجوانوں کو تکنیکی تعلیم فراہم کر کے انہیں کارآمد شہری بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 12

سہولیات فراہم کرنے کے لیے عملہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو بہتر دفتری سہولیات کی فراہمی، زمینداروں اور آبادکاروں کے زرعی کاموں میں آسانی پیدا کرنا اور سرکاری امور میں شفافیت و بروقت کارروائی کو یقینی بنانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ دوسری جانب سے شہریوں نے اعلیٰ حکام سے اپیل کی کہ تحصیل عملے کو سرکاری گاڑی فراہم کی جائے تاکہ عملہ اپنے امور بہتر طریقے سے انجام دے سکے۔

بقیہ 13

مشتمل فیصلہ جسٹس عائشہ ملک نے تحریر کیا۔ سپریم کورٹ نے خواتین کی جائیداد سے متعلق سول درخواستوں کو اپیلوں میں تبدیل کر کے منظور کرلیا اور خواتین کے جائیداد حقوق سے متعلق محتسب اور پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے کالعدم قرار دے دیے۔ سپریم کورٹ نے متنازعہ جائیداد کا معاملہ مجاز سول عدالت کو بھجوانے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ محتسب شکایت اور تمام متعلقہ ریکارڈ سول جج بارہ کی عدالت میں جمع کرائے، سول عدالت فریقین کو 15 روز کے اندر پیش ہونے کے نوٹس جاری کرے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ خواتین کے ملکیتی حقوق کے تحفظ کے لیے ایکٹ 2019 اہم قانونی تحفظ فراہم کرتا ہے، تاہم پیچیدہ قانونی اور حقائق پر مبنی تنازعات کا فیصلہ شہادت ریکارڈ کرنے کے بعد ہی ممکن ہے۔ ہبہ نامے کی اصلیت، قانونی حیثیت اور وراثتی حقوق کا تعین سول عدالت کرے گی۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ خواتین کو جائیداد سے غیر قانونی طور پر محروم کرنے کے خلاف فوری اور مؤثر قانونی چارہ جوئی ضروری ہے، محتسب کا اختیار واضح ملکیتی حقوق اور قبضے کی بحالی تک محدود ہے۔ سپریم کورٹ نے سول عدالت کو مقدمہ مناسب مدت میں نمٹانے کی ہدایت بھی کی۔

بقیہ 14

آصف کنرانی سوئی سدرن کی جانب سے جاری کردہ گیس شیڈول کسی بھی صورت قابل قبول نہیں، عوام کو لوٹنے کے بجائے بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں، بھاری گیس بلوں کی وصولی قابل مذمت ہے۔ کوئٹہ اور گردونواح میں شدید سردی کے باعث پہلے ہی شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے، ایسے حالات میں گیس کی بندش اور پریشر میں کمی سے عوام کا رہنا مزید مشکل ترین ہوجائے گا۔ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کوئٹہ کے عوام کو مسلسل مشکلات سے دوچار کیا جارہا ہے۔ ایک طرف بجلی کی لوڈشیڈنگ، دوسری طرف گیس پریشر میں کمی اور بھاری بلوں کی وصولی، جبکہ مہنگائی نے پہلے ہی عوام کا جینا اجیرن کر رکھا ہے۔ ایسے حالات میں عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مزید مشکلات میں دھکیلنا کسی صورت مناسب نہیں۔ گیس کمپنیوں نے میٹر کے بندناموں پر پورے کوئٹہ کے عوام کو چور بنا دیا ہے۔ نئے فارمولوں اور نئے ناموں کے تحت عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جارہا ہے۔ آخر عوام کب تک یہ بوجھ برداشت کریں گے؟ گیس کی سہولت فراہم کیے بغیر بھاری بلوں کی وصولی عوام کے ساتھ ناانصافی ہے، جس کا فوری نوٹس لیا جانا چاہیے۔ اگر عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کا یہ سلسلہ بند نہ کیا گیا تو تمام سیاسی اور مذہبی جماعتوں سے مل کر غیر اعلانیہ مظاہروں اور دھرنوں کا اعلان کیا جائے گا۔ عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ لائحہ عمل اختیار کیا جائے گا تاکہ شہریوں کی آواز حکام بالا تک پہنچائی جاسکے۔ حکمرانوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں اپنا مؤثر کردار ادا کریں۔ ملازمین اور مزدوروں کی تنخواہیں وہی ہیں، لیکن ہر چیز کی قیمت میں مسلسل اضافہ کیا جارہا ہے، جو سمجھ سے بالاتر ہے۔ حکومت اور متعلقہ ادارے عوام کی مشکلات کو سمجھیں، گیس کی فراہمی یقینی بنائیں، پریشر کی کمی دور کریں اور بھاری بلوں کے مسئلے کا فوری حل نکالیں۔ عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا حکمرانوں اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 15

خصوص پشتون وطن میں پراکسیز کو جاری رکھ کر یہاں کے عوام کی زمینوں، جنگلات، معدنیات پر قبضہ کرنا چاہتی ہے اور دوسری جانب ہر علاقے میں خوف و ہراس پھیلاتے، بدامنی، لاقانونیت، چوری، ڈکیتی، اغواء کاری، مسلح جتھوں کے ذریعے عوام کی عزت نفس مجروح کرنے، قتل و غارت گیری، لوٹ مار کا سلسلہ جاری رکھا گیا ہے۔ حکومت امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے دراصل خود سنجیدہ نہیں اور اس تمام صورتحال میں نقصان صرف عوام کا ہو رہا ہے، عوام کی معیشت تباہ ہو کر رہ گئی ہے، کاروبار، زراعت تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے، شدید مہنگائی، بدترین بیروزگاری انسانی زندگی کی بنیادی سہولیات گیس، بجلی، پینے کا صاف پانی، روزگار اور امن سے محرومی نے عوام کو کوفت کا شکار بنادیا ہے۔ ہر جہات، شہر، بین الصوبائی، بین الاقوامی شاہراہیں غیر محفوظ ہوچکی ہیں، کوئٹہ تا چمن پنجپائی کا سفر گزشتہ تین سالوں سے دن میں بھی سفر کے لیے محفوظ نہیں رہا، لیویز فورس کو پولیس میں ضم کیا گیا اور اب حکومت پولیس تھانوں کو شام میں خالی چھوڑ جاتے ہیں۔ مصنوعی دہشت گردی کی جنگ میں عوام، بزرگ، بچے، خواتین جو شدید پریشانی کی حالت میں اپنے آبائی جدی پدری علاقوں سے نقل مکانی پر مجبور ہو چکے ہیں، پنجپائی میں ایک جانب بارش و سردی اور دوسری جانب زور زبردستی لوگوں کو اپنے گھروں سے بیدخل کرنے، مقامی عوام کے گھروں میں چادر و چاردیواری کی تقدس پامال کرنے، تلاشی کے نام پر گھروں میں گھسنے، خوف و ہراس پھیلانے کے غیر آئینی، غیر قانونی، غیر جمہوری، غیر انسانی عمل کو ترک کرنا ہوگا۔ امن و امان حکومت کی ذمہ داریوں میں شامل ہے اور حکومت دہشت گردوں اور ان کے کمین گاہوں سے بخوبی آگاہ ہے۔ سیکورٹی، امن کے نام پر جیٹ طیاروں، ہیلی کاپٹرز کے پرواز، خوف و ہراس پھیلانے اور شہریوں کی عزت نفس مجروح کرنے کے ناروا اقدامات قابل افسوس ہے۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ پنجپائی بالخصوص کلی محمد خیل کے عوام کو اپنے گھروں سے بیدخل کرنے کی بجائے ان کے لیے گھروں اور تمام انسانی زندگی کی بنیادی سہولیات و ضروریات فراہم کی جائے اور ان کے سر و مال کی تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ اور دہشت گردوں، ان کے کمین گاہوں، ٹھکانوں کے خاتمے کے دوران عوامی آبادی، ان کی جائیداداوں، ملکیت، زمینوں اور انسانی زندگیوں کا تحفظ کیا جائے اور تمام بے گھر ہونیوالے متاثرین کو دوبارہ جلد از جلد باعزت طور پر حکومت اپنے گھروں میں آباد کرنے کے لیے اقدامات اٹھائیں۔

بقیہ 16

بلوچستان پولیس کے حوالے سے سوالات شامل تھے۔ ٹیسٹ کے دوران سخت سیکورٹی کا انتظام کیا گیا تھا۔ کالج کے داخلی راستوں پر پولیس اہلکار تعینات تھے اور امتحانی ہال میں موبائل فون اور دیگر غیر متعلقہ اشیاء لے جانے پر مکمل پابندی تھی، تاکہ امتحان شفاف طریقے سے منعقد ہو سکے۔ اس موقع پر پرنسپل ایس ایس پی غلام سرور بہیو نے امتحانی ہال کا دورہ کیا اور شفاف امتحان کے انعقاد کو یقینی بنایا، جبکہ وائس پرنسپل ایس پی منظور احمد بلیدی نے امتحانی انتظامات کا معائنہ کیا۔ پی سی کے ملازمین کا کہنا تھا کہ پرچہ نصاب کے مطابق تھا اور انہوں نے بھرپور تیاری کی تھی۔ کامیاب امیدواروں کو اگلے مرحلے بی۔ ون (B-1) کورس کے لیے اہل قرار دیا جائے گا۔

بقیہ 17

ل روم کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہیں سیف سٹی منصوبے کے تحت نصب جدید کیمروں، مانیٹرنگ سسٹم اور دیگر سہولیات کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ ڈی آئی جی پولیس نے کہا کہ جدید سیف سٹی سسٹم جرائم کی روک تھام، مشکوک سرگرمیوں کی نگرانی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے ضلع میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے، عوامی خدمت اور پولیسنگ کے نظام کو مؤثر بنانے کے لیے ایس پی شالی ڈیرہ بگٹی سردار محمد ہاشم کی پیشہ ورانہ کارکردگی اور اقدامات کو بھی سراہا۔ ڈی آئی جی پولیس نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جدید ٹیکنالوجی، بہتر نگرانی اور پولیس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے عوام کے تحفظ اور علاقے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل استعمال کیے جائیں گے۔

بقیہ 18

محمد نور اخوندزادہ مولانا شمس اللہ مولوی رحمت اللہ حقانی مولوی محمد جیلانی مولانا نعمت اللہ حاجی نیاز محمد کاکڑ اور دیگر نے کہا کہ موسم سرما کے آمد سردی میں اضافہ کے بعد گیس لوڈشیڈنگ ختم کیا جائے واپڈا کیسکو نے بھی بہت سے علاقوں میں بجلی کے لوڈشیڈنگ میں اضافہ کیا ہے ہر دو گھنٹے بعد بجلی لوڈشیڈنگ کیا جاتا ہے دوسری جانب گیس صارفین کو بھاری بھر بلوں کے اجراء نے غریبوں کے سکون چھین لیا ہے انہوں نے وزیراعظم وفاقی وزیر پٹرولیم گیس سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ اور سردی کے آمد بلوچستان میں منفی درجہ حرارت کی پیش نظر 24 گھنٹے گیس کی مسلسل سپلائی یقینی بنائی جائے اور ہر قسم کی لوڈشیڈنگ فوری ختم کیا جائے۔ گیس لوڈشیڈنگ سے ہمیشہ بڑی تعداد میں مختلف سانحات رونما ہوئے ہیں سرد ترین موسم میں گیس کی بندش کے باعث شہریوں بالخصوص بچوں، خواتین اور بزرگوں کا جینا محال ہو چکا ہے۔ جس کی وجہ سے بیماریاں پھیلنے کا خدشہ بڑھ رہا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اپنی ہی پیدا کردہ گیس سے محروم رکھے جارہے ہیں۔ سخت سردی میں گیس کی قلت نہ صرف بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے بلکہ اس سے صوبے کے غریب عوام کو شدید مالی اور جسمانی اذیت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ صوبے کے اکثریتی اضلاع اس بنیادی سہولت سے محروم ہیں۔ گیس کی عدم فراہمی کے باعث مقامی عوام سخت سردی اور روز مرہ زندگی میں مہنگے داموں ایل پی جی (LPG) گیس خریدنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ صوبے کے وسائل سے متعلق عوامی تحفظات اور خدشات کو فوری طور پر دور کرے۔ صوبے کے عوام کو اپنے قدرتی وسائل سے خود استفادہ کرنے کا حق دیا جائے اور محض زبانی وعدوں کے بجائے عملی اور ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ بلوچستان کے عوام کی محرومیوں کا ازالہ ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی و صوبائی حکومت اور عدالت عالیہ سے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر اس سنگین مسئلے کا فوری نوٹس لیا جائے تاکہ شدید سردی کے موسم میں کسی بڑے انسانی اور طبی سانحے سے بچا جا سکے اور واپڈا نے بھی کوئٹہ شہر و گرد و نواح میں بجلی کے لوڈشیڈنگ میں اضافہ کیا ہے ہر دو گھنٹے بعد ایک یا دو گھنٹے بجلی میں اضافہ قابل مذمت ہے اور سوئی سدرن گیس کمپنی بلوں کا اضافہ واپس لیں۔

بقیہ 19

ور پائیدار امن و استحکام کے قیام کے لیے مسلسل مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ٹیلی فونک گفتگو کے دوران نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے اس بات پر زور دیا کہ خطے کو درپیش چیلنجز اور مسائل کے حل کے لیے سفارتی ذرائع کو بروئے کار لانا اور مذاکرات کا سلسلہ جاری رکھنا انتہائی ضروری ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ تمام فریقین کو چاہیے کہ وہ تعمیری انداز میں سفارتی عمل سے جڑے رہیں اور مسائل کے حل کے لیے مذاکرات اور باہمی مشاورت کا راستہ اختیار کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ خطے میں پائیدار امن، سلامتی اور استحکام کے قیام کے لیے مسلسل اور مؤثر سفارتی کوششیں ناگزیر ہیں۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے علاقائی امن و استحکام کے لیے فعال اور مسلسل سفارتی روابط برقرار رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے اس امر کو اہم قرار دیا کہ خطے کے ممالک موجودہ صورتحال میں ذمہ دارانہ طرز عمل اختیار کریں اور اختلافات کے حل کے لیے سفارت کاری کو ترجیح دیں۔ گفتگو کے دوران اسحاق ڈار اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے علاقائی پیش رفت اور باہمی دلچسپی کے امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے سفارتی کوششوں کی اہمیت پر اتفاق کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان علاقائی مسائل کے پرامن حل، مذاکرات کے تسلسل اور سفارتی روابط کے ذریعے خطے میں امن و استحکام کے قیام کی کوششوں کو اہمیت دیتا ہے۔ دونوں وزرائے خارجہ کے درمیان یہ رابطہ پاکستان اور ایران کے مابین علاقائی معاملات پر سفارتی مشاورت اور روابط کے تسلسل کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 20

گھنٹے بعد بجلی کی بندش ایک معمول بن چکی ہے، جس سے روزمرہ کا کاروبار اور گھریلو زندگی معطل ہو کر رہ گئی ہے۔ دوسری جانب گیس کا پریشر صفر ہونے اور گھنٹوں بجلی کی عدم دستیابی نے شہریوں کو ذہنی و جسمانی عذاب میں مبتلا کر رکھا ہے۔ پارٹی رہنماؤں نے نشاندہی کی کہ سردی کا موسم شروع ہوتے ہی گیس کی عدم فراہمی سے بالخصوص خواتین، معصوم بچوں، بزرگوں اور تعلیمی اداروں کے طلبہ کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ صبح کے وقت بچوں کا بغیر ناشتے کے اسکول جانا اور گھروں میں روزمرہ کا کھانا پکانا انتہائی دشوار ہو چکا ہے۔ حکومت اور متعلقہ انتظامیہ کی جانب سے بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی عوام کے ساتھ سراسر زیادتی اور ناانصافی ہے۔ بی این پی کے رہنماؤں نے اعلیٰ حکام، کیسکو اور سوئی سدرن گیس کمپنی کے ذمہ داران سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ بزرگی اور تمام ملحقہ گلیوں میں صبح 6 بجے سے رات 12 بجے تک گیس کی بلاتعطل فراہمی اور مناسب پریشر کو فوری طور پر یقینی بنایا جائے۔ بجلی کی غیر اعلانیہ اور من مانی لوڈ شیڈنگ کا فوری خاتمہ کر کے عوام کو راحت فراہم کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر عوام کو درپیش اس سنگین مسئلے کو جلد از جلد حل نہ کیا گیا تو بی این پی عوام کے حقوق کے لیے ہر فورم پر آواز اٹھانے اور سخت احتجاجی راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوگی۔

بقیہ 21

یقینی بنا کر بھیجے گئے بھاری بلوں کو ختم کر کے لوگوں کو بھیجا جائے یہ بات انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ گیس انتظامیہ کی نااہلی اور غلطیوں کا خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑ رہا ہے ہزاروں اور لاکھوں روپے کے بل بھیجے جا رہے ہیں صارفین دفتروں کے چکر لگا رہے ہیں تاکہ بلوں کی درستگی ہو سکے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے۔ غریب اور مزدور طبقہ دو وقت کی روٹی پوری نہیں کر سکتے وہ ہزاروں روپے کے بل ادا کرنے سے قاصر ہیں۔ جبکہ گیس کی فراہمی نہ ہونے اور بندش سے بچے اور بزرگ، شہری بیمار جبکہ خواتین کو امور خانہ داری میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے گیس سے وی آئی پی ایریا میں لوگ مستفید ہو رہے ہیں لیکن شہر اور صوبے کے دیگر سرد علاقوں میں لوگ اس سہولت سے محروم ہیں۔ جہاں سے گیس نکلتی ہے وہاں کے مکین اور عورتیں لکڑیاں استعمال کر کے اپنا گزر بسر کرتے ہیں جس سے کمپنی کی شہریوں کو گیس کی فراہمی کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے ہیں۔ جہاں سے گیس نکلتی ہے وہاں کے مکین اور اس کے بعد بلوچستان کے لوگ اس قدرتی نعمت سے محروم ہیں کمپنی گیس کی عدم فراہمی اور طویل لوڈشیڈنگ کے باوجود شہریوں کو ہزاروں روپے پر محیط بل بھیج رہی ہے جس کی وجہ سے شہری شدید ذہنی کوفت میں مبتلا ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ شہریوں کو ان کے استعمال کردہ یونٹ کے مطابق بل بھیجے جائیں اور گیس کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان اور دیگر حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ گیس کی فراہمی یقینی بنا کر بلوں کی تصحیح کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 22

داد، طالبات کے ٹیبل ٹینس میں حاجرہ ریاض، مردوں کے ٹیبل ٹینس میں شعبہ انگریزی کے آفس کلرک افتخار احمد، جبکہ بیڈمنٹن میں حلیمہ اکبر فاتح قرار پائے۔ تمام کامیاب کھلاڑیوں کا تعلق جامعہ گوادر سے ہے۔ اس موقع پر جامعہ گوادر کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے اپنے پیغام میں شعبہ مینجمنٹ سائنسز کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے منتظمین، فیکلٹی ممبران اور شرکاء کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ کھیل طلبہ کی جسمانی و ذہنی نشوونما، قائدانہ صلاحیتوں اور شخصیت سازی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے جامعہ میں تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ کھیلوں اور دیگر غیر نصابی سرگرمیوں کے فروغ کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ دو روزہ مقابلوں کا مقصد طلبہ میں صحت مند مسابقت، ٹیم ورک اور باہمی ہم آہنگی کو فروغ دینا تھا۔

بقیہ 23

آفس خضدار میں شکایت درج کرائی تھی۔ شکایت کا فوری نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب خضدار نے متعلقہ ادارے (BISP) کو فوری کارروائی اور پورٹل و ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی ہدایت کی۔ وفاقی محتسب کی مسلسل متابعت اور مؤثر مداخلت کے نتیجے میں بی آئی ایس پی حکام نے درخواست گزار کے کیس کا از سر نو جائزہ لیا اور تمام قانونی و انتظامی امور مکمل کرتے ہوئے گل بی بی کو 14,500 روپے کا بلاتاخیر وظیفہ جاری کر دیا۔ وظیفے کی رقم موصول ہونے پر درخواست گزار گل بی بی نے شدید مسرت اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی محتسب اعلیٰ اور ریجنل آفس خضدار کی کاوشوں کا دلی شکریہ ادا کیا۔ کیس کے حل اور درخواست گزار کی مکمل تسلی کے بعد وفاقی محتسب نے شکایت کو کامیابی کے ساتھ نمٹا دیا۔ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا کہنا ہے کہ سرکاری اداروں کے خلاف عوام الناس بالخصوص دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے غریب و مستحق افراد کی شکایات کا بلامعاوضہ، سستا اور فوری حل ان کی پہلی ترجیح ہے۔

بقیہ 24

سل منگچر کے ناظم عبدالمالک بلوچ کے بھائی اور علاقے میں نیشنل پارٹی کے سرگرم رہنما شہید ولید صالح بلوچ کے قتل کو ایک سال سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے لیکن ان کے قاتلوں کو ابھی تک گرفتار نہیں کیا جاسکا۔ ایوب قریشی نے شہید ولید بلوچ کے قاتلوں کی عدم گرفتاری پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ولید بلوچ کو منگچر شہر میں دن دیہاڑے قتل کیا گیا لیکن ان کے قاتل آج بھی آزاد ہیں۔ نیشنل پارٹی کے رہنما نے کہا جس نوجوان نے ابھی اپنی زندگی شروع کرنی تھی جس دن بعد اس کی شادی ہونے والی تھی اس کے گھر میں شادی کی شادیانے بجانے جا رہے تھے انہیں سر بازار میں قتل کیا ہو حالاں کہ اس کی کسی کے ساتھ دشمنی بھی نہیں تھی اس کے قاتلوں کی عدم گرفتاری کے دکھ سے آج بھی ان کا خاندان اور اس کے چاہنے والے گزر رہے ہیں، ایوب قریشی نے کہا اتنے لمبے عرصے تک بلوچستان کے ایک معروف سیاسی خاندان کے فرد کے قاتلوں کو تلاش نہیں کیا جاسکا تو پھر باقی علاقے میں امن و امان کی کیا صورت حال ہوگی انہوں نے حکومت بلوچستان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ شہید ولید بلوچ کے قاتلوں کو گرفتار کر کے انصاف کے تقاضے پورے کیئے جائیں۔

بقیہ 25

کی۔ اجلاس کی کارروائی تحصیل سینئر معاون سیکرٹری راحت بازئی نے سرانجام دی۔ اجلاس کا ایجنڈا خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 53 ویں برسی کی تیاری اور تنظیمی فعالیت رہی۔ اجلاس سے پارٹی رہنماؤں نے کہا کہ منظم تنظیم پارٹی کی جاری جدوجہد کو تقویت بخشے گی، پارٹی کے ہر عہدیدار اور کارکن کو اپنے فرائض کی انجام دہی میں انتہائی سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ پارٹی کی تنظیمی، سیاسی سرگرمیوں، فعالیت میں کوئی سستی برداشت نہیں کی جاسکتی کیونکہ کسی بھی قسم کی سستی، کاہلی پارٹی کی جاری جدوجہد کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 53 ویں برسی کے جلسہ عام کی بھرپور تیاری کی جائے گی اور اس سلسلے میں تمام یونٹس کو فعال و منظم کرنے اور عوام تک گھر گھر پارٹی پیغام اور جلسہ عام کی دعوت دی جائے گی۔

بقیہ 26

منعقد ہوا۔ اجلاس میں سندھ زون کے ڈپٹی سیکرٹری فضل اشناء، ضلع کوئٹہ کے ایگزیکٹیو گلاب خان سلیمانخیل، ملک انور بریچ، محمد علی بازئی اور ضلع کمیٹی کے اراکین نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کی کارروائی تحصیل سینئر معاون سیکرٹری رحمت ناصر نے سرانجام دی۔ اجلاس میں 2 دسمبر کے جلسے کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اور تمام علاقائی یونٹس، ابتدائی یونٹس کے اجلاسوں کے انعقاد، گھر گھر عوامی رابطہ مہم، عوام کو جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دینے، وال چاکنگ، پارٹی جھنڈے لگانے سمیت مختلف فیصلے کیئے گئے۔ اجلاس سے پارٹی رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ جلسہ عام کی تیاری میں کسی بھی قسم کی سستی کا مظاہرہ نہ کرے اور پارٹی کی جانب سے دی گئی ذمہ داریوں کو احسن انداز میں نبھا کر 2 دسمبر کے جلسہ عام کی کامیابی کے لیے دن رات محنت کرے۔

بقیہ 27

ہوئے تمام انکاری والدین (ریفیوزل) کو کور کیا جائے اور کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مہم کے آخری روز 100 فیصد کوریج ہر صورت یقینی بنائی جائے، تمام متعلقہ افسران فیلڈ میں موجود رہیں اور مانیٹرنگ کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے۔

بقیہ 28

نثار احمد نے خودکشی کر لی نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی مزید کارروائی کیچی بیگ پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 29

جمعہ کے خطبات کے دوران علماء و مشائخ نے مقدس مقامات کو نشانہ بنانے اور ان کے خلاف دھمکیوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے سعودی قیادت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ علماء کرام نے خصوصی طور پر جمعرات کے روز مدینہ منورہ پر ہونے والے مبینہ حملے کی مذمت کی اور واضح کیا کہ حرمین شریفین سمیت مملکت سعودی عرب کے خلاف کسی بھی قسم کی جارحیت ناقابل قبول ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مقدس مقامات کا تحفظ پوری امت مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور ان کے تقدس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ پاکستان علماء کونسل کے چیئرمین اور انٹرنیشنل تنظیم حرمین شریفین کونسل کے سیکرٹری جنرل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی سمیت ملک بھر کے علماء و مشائخ نے اپنے مشترکہ موقف میں کہا کہ مدینہ منورہ اور مکہ مکرمہ سمیت اسلامی مقدس مقامات پر حملوں اور دھمکیوں کا سلسلہ امت مسلمہ کے اتحاد اور عزم کا امتحان لے رہا ہے۔ علماء و مشائخ نے مسجد اقصیٰ کو درپیش مسلسل خطرات پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر کے تمام مقدس مقامات کے تقدس اور تحفظ کو یقینی بنایا جانا چاہیے۔ ان کے مطابق مقدس مقامات کو نشانہ بنانے کا سلسلہ ایک حد سے تجاوز کر چکا ہے، اس لیے مزید حملوں کی روک تھام کے لیے عالمی سطح پر مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے اسلامی تعاون تنظیم، اقوام متحدہ اور عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ مقدس مقامات کی سلامتی اور تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور ایسے اقدامات یقینی بنائیں جن سے ان مقامات کو کسی بھی قسم کے خطرات سے محفوظ رکھا جاسکے۔ اس موقع پر علماء و مشائخ نے ترک پارلیمنٹ کی جانب سے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین مشترکہ دفاعی معاہدے کی منظوری کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ تینوں برادر ممالک کے درمیان تعاون اجتماعی سلامتی اور علاقائی استحکام کو مضبوط بنانے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم دنیا کو درپیش بڑھتے ہوئے چیلنجز کے پیش نظر برادر اسلامی ممالک کے درمیان قریبی رابطہ، باہمی اعتماد اور مشترکہ حکمت عملی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مقدس مقامات کے تحفظ اور سلامتی کے لیے اتحاد، اجتماعی ذمہ داری اور عملی تعاون کو فروغ دینا ہوگا۔ علماء و مشائخ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کے علماء، مذہبی تنظیمیں اور عوام حرمین شریفین کے تقدس اور سلامتی کے تحفظ کے لیے سعودی عرب کی قیادت اور عوام کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور مسجد اقصیٰ کا تحفظ دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے غیر معمولی مذہبی اہمیت رکھتا ہے اور اس مقصد کے لیے عالمی کوششیں جاری رہنی چاہئیں۔ اس مشترکہ موقف کا اظہار مولانا محمد نعمان حاشر، حافظ مقبول احمد، مولانا عبداللہ گرمانی، مولانا طاہر عقیل اعوان، مولانا محمد اسلم صدیقی، مولانا محمد اشفاق پتافی، مولانا عزیز اکبر قاسمی، قاری محمد عاشق، شمر عباس، مولانا محمد الیاس، قاری سلطان محمود، حافظ محمد کفایت اللہ، محمد اشرف بھٹی، شہزاد سعدی، مظفر اقبال، علامہ شبیر الحق قاسمی، مولانا ڈاکٹر حق نواز خان، حافظ عثمان شاکر، مولانا محمد رضوان، مولانا محمد سلامت ڈار، قاری عبدالرؤف، حافظ محمد جابر، محمد مہران، ملک نواز، مولانا محمد زبیر کھٹانہ، شبیر احمد کھٹانہ، حافظ احتشام الحق، محمد احمد بلوچ، محمد رفیق، محمد حماد، صاحبزادہ حمزہ طاہر الحسن، راشد جاوید، محمد اعجاز ملک، قاری محمد قاسم ساغر، محمد بلال ثاقب، مفتی محمد عمران معاویہ، قاری محمد اکرم فاروقی، مفتی محمد عرفان کرمانی، مولانا قاضی انعام باری، مولانا تنویر احمد چوہان، قاری محبت علی قاسمی، مولانا امداد مکی، قاری عصمت اللہ معاویہ، مولانا محمد یاسر علوی، قاری حفیظ اللہ، قاری قمر اشرف شیرازی، محمد شعیب بخاری، حافظ محمد بلال، قاری محمد زبیر لطیف، مولانا عمران ضیاء، قاری غلام یاسین رانجھا، ماسٹر نور عباس، مولانا عبدالمجید صدیقی، مفتی حافظ عبدالقادر قادری، پیر قاری محمد ابوبکر نقشبندی، قاری محمد طیب، مولانا غلام مصطفیٰ، قاری حق نواز، مولانا عبدالقادر، عمر فاروق، مولانا سرفراز علی، مفتی شمر اقبال، نور فراز خان اور مولانا مبشر رحیمی سمیت دیگر علماء و مشائخ نے کیا۔

بقیہ 30

سے ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان سیکورٹی تعاون، ادارہ جاتی روابط اور متعلقہ شعبوں میں مشترکہ اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ مذاکرات میں انسداد دہشت گردی، انسداد منشیات، نادرا، سائبر جرائم کی روک تھام، امیگریشن، ساحلی محافظ اداروں اور تربیتی پروگراموں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر برطانوی وزیر مملکت نے غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام کے لیے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کی کارکردگی کو سراہا۔ ڈین جارویس نے کہا کہ سائبر جرائم ایک عالمی مسئلہ بن چکے ہیں، جن کا مؤثر سدباب کرنے کے لیے تمام ممالک کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان مختلف شعبوں میں پہلے سے بہترین تعاون موجود ہے اور برطانیہ اسے مزید وسعت دینا چاہتا ہے۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں اور کوششوں کا بھی اعتراف کیا۔ ملاقات میں انسداد منشیات کے شعبے میں تعاون بڑھانے کے لیے مفاہمتی یادداشت کو جلد حتمی شکل دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس یادداشت کے تحت برطانیہ کی نیشنل کرائم ایجنسی اور پاکستان کی اینٹی نارکوٹکس فورس کے درمیان تعاون کو مکمل طور پر فعال بنایا جائے گا، جس سے منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف مشترکہ اقدامات میں مدد ملے گی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بتایا کہ گزشتہ چند برسوں کے دوران برطانیہ اسمگل کی جانے والی منشیات کے 330 کیسز ناکام بنائے گئے۔ انہوں نے پاکستانی اداروں کی استعداد کار بڑھانے کے لیے جاری برطانوی منصوبے "اپ اسکیل" میں ہونے والی پیش رفت کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ پاکستانی اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کے لیے انتہائی اہم ثابت ہو رہا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان وزارت داخلہ کی سطح پر قائم مشترکہ ورکنگ گروپ کا اجلاس بھی جلد بلانے پر اتفاق کیا گیا تاکہ طے شدہ معاملات پر پیش رفت کا جائزہ لیا جاسکے اور تعاون کے نئے امکانات کو عملی شکل دی جاسکے۔ ملاقات میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ اور برطانیہ کے متعلقہ اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ پاکستانی وفد میں وفاقی سیکرٹری داخلہ، اسپیشل سیکرٹری اور ایڈیشنل سیکرٹریز داخلہ، چیئرمین نادرا، ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے، ڈائریکٹر جنرل اینٹی نارکوٹکس فورس، انسپکٹر جنرل فیڈرل کانسٹیبلری، ڈائریکٹر جنرل نیشنل فرانزک ایجنسی، کمانڈنٹ نیشنل پولیس اکیڈمی، ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی، ڈائریکٹر جنرل پاسپورٹ، چیئرپرسن سوشل میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی، چیف کمشنر اور انسپکٹر جنرل اسلام آباد پولیس سمیت دیگر حکام شریک ہوئے۔

بقیہ 31

والے صوبے کے خیرخواہ نہیں ہوسکتے انکے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ کور کمانڈر بلوچستان اور سیکٹر کمانڈر دہشت گردوں، چوری ڈکیتی کی وارداتوں کی پشت پناہی کرنے والے قبائلی عمائدین اور انکے کارندوں کے خلاف بھی بلاامتیاز کارروائی کریں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پاک فوج، ایف سی، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوان اور افسران اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں جنہیں ہم خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض افراد اپنے ذاتی مفادات کے حصول کیلئے پاک فوج اور سیکورٹی اداروں پر بلاجواز تنقید کرتے ہیں جو کسی بھی طرح درست نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف، وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کا بڑا اہم کردار ہے جس پر ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 32

ی کے باعث طلبا کیلئے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے مواقع انتہائی محدود ہو چکے ہیں وہیں ہزاروں طلبا کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے والے ادارے کو بند کرنا تعلیم دشمنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے تحت 19548 طلبا مختلف تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم ہیں جبکہ 45 طلبا بیرون ملک قانون کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں جبکہ ادارہ میں 90 سے زائد ملازمین تعینات ہیں، بہ یک جنبش قلم حکومت کو ہزاروں طلبا اور ملازمین کے مستقبل کو داؤ پر لگانے کا اختیار حاصل نہیں نہ ہی سیاسی و جمہوری قوتیں ان کے مستقبل کو داؤ پر لگانے دیں گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ ہزاروں طلبہ کو وظائف فراہم کر کے ان کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے میں اہم کردار ادا کرتا آرہا ہے اس کی بندش سے نہ صرف زیر تعلیم طلبہ کا مستقبل متاثر ہوگا بلکہ وہ نوجوان بھی متاثر ہوں گے جو معاشی مشکلات کے باعث اپنی تعلیم جاری رکھنے کی استطاعت نہیں رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت کے اس فیصلے کیخلاف وکلا تنظیموں، سیاسی و جمہوری قوتوں کیساتھ ملکر بلوچستان نیشنل پارٹی طلبہ کے تعلیمی حقوق کے تحفظ کیلئے سیاسی و جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 33

اور پارٹی کے آئندہ تنظیمی و عوامی پروگراموں اور صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی باعزت بری کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا اجلاس میں صوبے میں امن و امان کی گھمبیر صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ موجودہ حالات میں سیاسی جماعتوں، جمہوری قوتوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے درمیان بامعنی مشاورت اور مشترکہ حکمت عملی کی ضرورت ہے اس سلسلے میں آج منعقد ہونے والی آل پارٹیز کانفرنس میں صوبے کو درپیش مسائل امن و امان کی صورتحال اور عوام کے تحفظ سے متعلق معاملات پر مشترکہ نقطہ نظر اختیار کرنے اور آئندہ کا متفقہ لائحہ عمل طے کرنے پر غور کیا جائے گا اجلاس میں شہدائے وطن شہید خان جیلانی خان اچکزئی کی 16 ویں اور شہید اسد خان اچکزئی کی چھٹی برسی کے موقع پر 22 نومبر کو چمن ہائی اسکول گراؤنڈ میں منعقد ہونے والے جلسہ عام کی تیاریوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا جلسے میں عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان کی خصوصی شرکت کے حوالے سے انتظامی تنظیمی اور عوامی سطح پر تیاریوں پر تبادلہ خیال کیا گیا شرکاء نے جلسے کو کامیاب بنانے کے لیے اپنی تجاویز اور آراء پیش کیں جبکہ اس بات پر زور دیا گیا کہ پارٹی کی تمام صوبائی ضلعی تحصیل اور بنیادی یونٹ تنظیمیں باہمی رابطے اور مشاورت کو بروئے کار لاتے ہوئے جلسے کی تیاریوں کو حتمی شکل دے دی گئی ہیں اس سلسلے میں 7 نومبر کو خان باس کوئٹہ میں ضلع کوئٹہ ضلعی کابینہ تحصیل کابینے کا مشترکہ اجلاس 13 نومبر کو باچاخان مرکز پشین میں جنرل باڈی اجلاس 15 نومبر کو شہید انور مردہ کاریز چمن میں ضلعی کونسل اجلاس جبکہ 15 نومبر ہی کو باچاخان مرکز قلعہ سیف اللہ میں ضلع قلعہ سیف اللہ تحصیل قلعہ سیف اللہ تحصیل مسلم باغ کابینہ اجلاس 17 نومبر کو باچاخان مرکز کاکا جی برمہ میں صبح 10 بجے جنرل باڈی اجلاس منعقد ہوں گے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ 23 نومبر کو پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن صوبائی کونسل جبکہ 24 نومبر کو عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی کونسل کے اجلاس ہوں گے جس میں مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان خصوصی شرکت کریں گے اجلاس کے شرکا نے ایک بے بنیاد من گھڑت مقدمے میں باعزت بری ہونے پر اے این پی کے صوبائی اصغر خان اچکزئی پارٹی کارکنوں اور بہی خواہوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا گیا کہ اے این پی عدالتوں کا احترام کرتے ہوئے عدلیہ کی آزادی اور خودمختاری کیلئے ہمیشہ پیش پیش رہی ہے

بقیہ 34

جنسی اور ایم سی ایچ سنٹر سمیت مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے لائف سیونگ ادویات کی دستیابی، طبی و پیرامیڈیکل عملے کی حاضری، ڈیوٹی روسٹرز اور مریضوں کی دیکھ بھال کے انتظامات بھی چیک کیے۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد حسن ڈوکی نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ ہسپتال میں ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی، ریکارڈ کی بروقت تکمیل اور مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری فرائض میں غفلت اور لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام عملہ اپنی ذمہ داریاں پوری پابندی اور دیانت داری سے ادا کرے۔ ضلعی ناظم صحت نے کہا کہ اچانک دوروں کا مقصد ہسپتالوں کی کارکردگی کو بہتر بنانا، عملے کی حاضری یقینی بنانا اور عوام کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 35

صفائی ستھرائی اور عمارت کی مرمت کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں تاکہ انتظامی امور کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔

بقیہ 36

ہے۔ مقامی اور ناتجربہ کار افسران کو استعمال کر کے دینی مدارس اور ان کے ذمہ داران پر دباؤ ڈالنے والوں کو ہم بخوبی جانتے ہیں۔ مدارس دینی و تعلیمی خدمات انجام دے رہے ہیں انہیں سرکاری نوٹسز اور انتظامی دباؤ کے ذریعے مرعوب نہیں کیا جاسکتا۔ بلوچستان اسمبلی میں مدارس بل پیش کرنے سے راہ فرار اختیار کرنے کے بعد اب بلیک میلنگ اور ہراسانی کے حربے استعمال کیے جا رہے ہیں حالانکہ مدارس کی رجسٹریشن کی راہ میں رکاوٹ خود صوبائی اور وفاقی حکومت ہے، مدارس نہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمن کے خلاف منظم پروپیگنڈا، ان کی رہائش گاہ کے تقدس کو پامال کرتے ہوئے ڈرون کیمروں سے ویڈیوز بنانا اور مولانا اسعد محمود کے تاریخی سیاسی، جمہوری اور پارلیمانی کردار کو متنازع بنانے کی کوششیں انتہائی قابل مذمت ہیں۔ یہ محض سیاسی اختلاف نہیں بلکہ ایک قومی اور دینی سیاسی قیادت کی تضحیک اور کردار کشی کی منظم مہم ہے، جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جاسکتا۔ صوبائی امیر نے کہا کہ کامران مرتضیٰ ایڈووکیٹ کے گھر پر چالیس سے زائد افراد کے دھاوے کی اطلاعات نہایت تشویشناک ہیں۔ ایک سینئر سیاسی رہنما اور معروف قانون دان کے گھر اس انداز میں کارروائی کرنا کون سا قانون اور کون سا جمہوری طرز عمل ہے؟ کامران مرتضیٰ صاحب کا جرم صرف یہ ہے کہ وہ قائد جمعیت کے موقف کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہیں۔ سیاسی اختلاف کا جواب دلیل اور جمہوری مکالمے سے دیا جاتا ہے نہ کہ گھروں پر دھاووں، خوف و ہراس اور سرکاری طاقت کے بے جا استعمال سے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مولانا فضل الرحمن، مولانا اسعد محمود، کامران مرتضیٰ ایڈووکیٹ اور جمعیت کے دیگر قائدین کے خلاف کردار کشی، دھمکیوں اور انتقامی کارروائیوں کو ہر حربہ مسترد کرتے ہیں۔ سرکاری وسائل اور انتظامی اختیارات کو سیاسی مخالفین کی تضحیک اور آواز دبانے کے لیے استعمال کرنا ریاستی اختیار کا بدترین ناجائز استعمال ہے۔ ہماری شرافت، سیاسی رواداری اور جمہوری طرز سیاست کو کمزوری سمجھنے والے سخت غلط فہمی میں مبتلا ہیں۔ قیادت کی عزت و حرمت، دینی مدارس کے حقوق اور جماعت کے سیاسی وقار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ صوبائی امیر کی حیثیت سے ان کی ہدایت پر 6 نومبر کو بلوچستان کے تمام اضلاع اور تحصیلوں میں احتجاجی مظاہرے اور ریلیاں منعقد ہوں گی، جن کے ذریعے حکومتی انتقامی ہتھکنڈوں، قیادت کی کردار کشی، مدارس کو ہراساں کرنے اور سیاسی رہنماؤں کے خلاف طاقت کے استعمال پر بھرپور عوامی ردعمل دیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ جمعیت علماء اسلام ایک معتدل، سنجیدہ اور جمہوری سیاسی جماعت ہے جو معاملات کو پوائنٹ آف نو ریٹرن تک لے جانے کے بجائے سیاسی مکالمے اور آئینی و جمہوری حل پر یقین رکھتی ہے تاہم ہماری سیاسی رواداری کو کمزوری نہ سمجھا جائے۔ ہم تصادم نہیں انصاف چاہتے ہیں، انتقام نہیں آئین و قانون کی بالادستی چاہتے ہیں۔ لیکن اپنی قیادت کی توہین، دینی مدارس کی خودمختاری پر حملوں اور سیاسی انتقام کے سامنے خاموش نہیں رہیں گے۔ 6 نومبر کو بلوچستان بھر سے واضح پیغام دیا جائے گا کہ جمعیت اپنی قیادت، دینی تشخص اور جمہوری حقوق کے دفاع میں متحد اور یکسو ہے

بقیہ 37

وکی بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا کہ جدید آئی ٹی لیب کے قیام سے طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر کی تعلیم کے بہتر مواقع میسر آئیں گے۔ آج کے دور میں تعلیم کے ساتھ ساتھ جدید سائنسی اور آئی ٹی علوم سے آگاہی بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہمارا مقصد نوجوان نسل کو جدید تعلیم سے آراستہ کرنا اور انہیں مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے قابل بنانا ہے۔

بقیہ 38

کی آنکھوں کے علاج کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی اور اگر ان کا علاج لندن، امریکہ، دبئی یا دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت اس ضمن میں مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، معذوری کسی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی کا باعث نہیں بنتی، ایسے افراد کو باعزت زندگی اور خودمختار روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کا کوئی مستحق شہری علاج، روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے۔ انسانیت کی خدمت ہمارا نصب العین ہے اور عوام کی مشکلات کا ازالہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر محمد زاہد نے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ عوام کے دکھ درد کو سمجھنے اور مشکل وقت میں ان کا ساتھ دینے والے متحرک وزیر اعلیٰ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ نے اس سے قبل بھی ان کے علاج کے لیے 10 لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کی اور روزگار کے حصول میں مدد کی۔ محمد زاہد کے مطابق وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہمیشہ ان کی مشکلات کو سمجھا اور انہیں کبھی خالی ہاتھ واپس نہیں بھیجا۔

ہمارا مقصد نوجوان نسل کو جدید تعلیم سے آراستہ کرنا اور انہیں مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے قابل بنانا ہے

جدید سائنسی اور آئی ٹی علوم سے آگاہی وقت کی اہم ضرورت ہے، سردار کوہیار ڈومکی

آئی ٹی لیب کے قیام سے طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر کی تعلیم کے بہتر مواقع میسر آئیں گے، خطاب

بختیار آباد ڈومکی (خ ن) صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان چیف سردار کوہیار خان ڈومکی نے آج گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول بختیار آباد ڈومکی میں جدید آئی ٹی لیب کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر میر سیف اللہ خان ڈومکی، ایم ایس سی ڈاکٹر جہانزیب گشکوری، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لیاقت علی لغاری، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر سعید احمد سیلاچی، یوسی چیئرمین بختیار آباد اکبر سونگی ہیڈ ماسٹر حاجی خان اور نبی بخش ڈ(باقی صفحہ 3 نمبر37)

اے سی چمن کا تحصیلدار احمد خان کے ہمراہ جوڈیشل لاک اپ کا دورہ

صفائی ستھرائی اور عمارت کی مرمت کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں

چمن (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر چمن عزیز اللہ خان کاکڑ نے ایس ایچ او اور تحصیلدار احمد خان کے ہمراہ جوڈیشل لاک اپ چمن کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے لاک اپ کی مجموعی صورتحال، انتظامی امور اور دستیاب سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے لاک اپ رجسٹر کا معائنہ کیا اور حوالات میں بند ملزمان سے ملاقات کر کے ان کے حالات، مسائل اور دستیاب سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے عمارت کی ضروری مرمت اور بہتری کے حوالے سے بھی جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ لاک اپ میں ضروری سہولیات کی فراہمی، (باقی صفحہ 3 نمبر35)

ڈاکٹر محمد حسن ڈومکی کا ڈی ایچ کیو ہسپتال بارکھان اور ایم سی ایچ سنٹر کا اچانک دورہ

بارکھان (خ ن) عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری ہسپتالوں کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے ضلعی ناظم صحت ڈاکٹر محمد حسن ڈومکی نے ڈی ایچ کیو ہسپتال بارکھان اور ایم سی ایچ سنٹر کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ڈینگل وارڈ، ڈائلیسس یونٹ، ایمر(باقی صفحہ 3 نمبر34)

جمعیت علماء اسلام ایک معتدل، سنجیدہ اور جمہوری سیاسی جماعت ہے، مولانا عبدالواسع

کوئٹہ ویسٹ کے ڈپٹی کمشنر کی جانب سے مدارس کی رجسٹریشن کے نام پر نوٹسز کا اجراء قابل مذمت ہے، خطاب

مقامی اور ناتجربہ کار افسران کو استعمال کر کے دینی مدارس اور ان کے ذمہ داران پر دباؤ ڈالنے والوں کو ہم بخوبی جانتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمن کے خلاف جاری کردار کشی، دینی مدارس کو غیر ضروری نوٹسز کے ذریعے ہراساں کرنے اور جمعیت کے رہنماؤں کے خلاف انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ ایک ہی طرز حکمرانی کی عکاسی کرتا ہے۔ کوئٹہ ویسٹ کے ڈپٹی کمشنر کی جانب سے مدارس کی رجسٹریشن کے نام پر نوٹسز کا اجراء قابل مذمت (باقی صفحہ 3 نمبر36)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو ڈیرہ شیریں خان مری روایتی بلوچی چھڑی پیش کر رہے ہیں

مولانا ہدایت الرحمان کا گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج گوادر کا دورہ

جاری تعلیمی سرگرمیوں، انتظامی امور اور مجموعی تعلیمی ماحول پر اطمینان کا اظہار

رکن صوبائی اسمبلی نے کالج کی مختلف کلاسز اور سائنس لیبارٹری کا تفصیلی معائنہ

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج گوادر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر کالج کے پرنسپل پروفیسر نصیر احمد بلوچ نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ رکن صوبائی اسمبلی نے کالج کی مختلف کلاسز اور سائنس لیبارٹری کا تفصیلی معائنہ کیا اور تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کالج کے تدریسی عملے سے (باقی صفحہ 3 نمبر4)

نامعلوم مسلح لوگوں کو لاکر مختلف علاقوں میں آباد کیا جارہا ہے، حمید اللہ کاکڑ

قلعہ عبداللہ میں باپ بیٹے کو قتل، خواتین کو زخمی کر کے نوجوان کے اغواء کی مذمت کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن قلعہ عبداللہ کے صدر حمید اللہ کاکڑ ایڈووکیٹ نے قلعہ عبداللہ میں باپ بیٹے کو قتل، خواتین کو زخمی کر کے نوجوان کے اغواء کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ فوری طور پر مغوی نوجوان کو بازیاب کرا کر مسلح جتھوں کا خاتمہ کر کے (باقی صفحہ 3 نمبر5)

ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اور اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ و گلستان عرفان احمد خلجی کے ساتھ کامیاب مذاکرات

قلعہ عبداللہ میں کامیاب مذاکرات، مظاہرین کا دھرنا ختم کرنے کا اعلان

دھرنا ختم ہونے کے بعد کوئٹہ چمن قومی شاہراہ کو ہر قسم کی ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا، جس سے کئی روز سے معطل آمد ورفت بحال ہوگئی

قلعہ عبداللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خلیل احمد بگٹی اور اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ و گلستان عرفان احمد خلجی کے ساتھ کامیاب مذاکرات، مغوی نوجوان کی بازیابی اور مظاہرین کے جائز مطالبات حل کرنے کی یقین دہانی کے بعد میزئی اڈہ پر جاری احتجاجی دھرنا ختم کرنے کا اعلان کر دیا گیا۔ دھرنا ختم ہونے کے بعد کوئٹہ چمن قومی شاہراہ کو ہر قسم کی ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا، (باقی صفحہ 3 نمبر1)

تحصیل آفس گنداخہ کا عملہ ہر وقت دفتر میں موجود رہتا ہے، عبدالمنان شیخ

زرعی انکم ٹیکس اور سرکاری واجبات کی وصولی کیلئے اقدامات جاری ہیں، تحصیلدار

گنداخہ (آن لائن) تحصیلدار گنداخہ عبدالمنان شیخ اور نائب تحصیلدار میراں بخش عباسی نے گنداخہ پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد رمضان پلال کے احکامات کی روشنی میں علاقے کے زمینداروں سے رابطے کر کے سرکاری واجبات اور زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحصیل آفس گنداخہ کا عملہ ہر وقت دفتر میں موجود رہتا ہے تاکہ زمینداروں اور آبادگاروں کے زرعی معاملات اور دیگر سرکاری امور کو بروقت نمٹایا جا سکے۔ دفتر آنے والے تمام سائلین کے مسائل حل کرنے اور انہیں ہر ممکن (باقی صفحہ 3 نمبر2)

پی ٹی سی کوئٹہ میں زیر تربیت ریکروٹ کانسٹیبل دوران تربیت ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) ترجمان پولیس ٹریننگ کالج کوئٹہ کے ایک پریس ریلیز کے مطابق پولیس ٹریننگ کالج کوئٹہ میں زیر تربیت ریکروٹ کانسٹیبل سمیع اللہ، ساکن ضلع شیرانی، آج صبح سینے میں تکلیف محسوس ہونے کے بعد دوران علاج انتقال کر گئے۔ پولیس ٹریننگ کالج کوئٹہ میں (باقی صفحہ 3 نمبر3)

اے این پی پارلیمانی پارٹی اجلاس، امن وامان کی بگڑتی صورتحال پر اظہار تشویش

عوام کے تحفظ سے متعلق معاملات پر مشترکہ نقطہ نظر اختیار کرنے اور آئندہ کا متفقہ لائحہ عمل طے کرنے پر غور کیا جائے گا

سیاسی جماعتوں، جمہوری قوتوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے درمیان بامعنی مشاورت اور مشترکہ حکمت عملی کی ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کی صوبائی کابینہ، پارلیمانی پارٹی مرکزی عہدیداران ملگری وکیلان پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن اور ضلع کوئٹہ کے ذمہ داران کا مشترکہ اجلاس صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی زیر صدارت خان ہاؤس کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبے کی مجموعی سیاسی حالات امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورت حال سانحہ تنگ سے زئی گلستان عوام کو درپیش مشکلات سیاسی و جمہوری قوتوں کے مشترکہ کردار (باقی صفحہ 3 نمبر33)



کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان دانش سکولوں کے قیام کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان اور برطانیہ کا دہشتگردی، منشیات اور سائبر جرائم کے خلاف تعاون بڑھانے پر اتفاق

برطانوی وزیر مملکت ڈین جارویس کی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور برطانیہ نے انسداد دہشت گردی، منشیات کی اسمگلنگ، سائبر جرائم، غیر قانونی امیگریشن اور دیگر اہم شعبوں میں دوطرفہ تعاون مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ یہ اتفاق برطانوی وزیر مملکت برائے سکیورٹی ڈین جارویس کے وزارت داخلہ کے دورے کے موقع پر ہونے والی ملاقات اور وفود کی سطح پر مذاکرات میں کیا گیا۔ برطانوی وزیر مملکت ڈین جارویس نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری (باقی صفحہ 3 نمبر30)

قیام امن کیلئے پاک فوج اور سیکورٹی اداروں کی قربانیاں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں، سید جہانگیر شاہ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ صوبے میں قیام امن کیلئے پاک فوج اور سیکورٹی اداروں کی قربانیاں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں صوبے کا امن خراب کرنے میں قبائلی عمائدین کا بھی ہاتھ ہے جن کے ساتھ سختی سے نمٹا جانا چاہئے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال خراب کرنے، چوری، ڈکیتیوں میں قبائلی عمائدین اور انکے کارندوں کا ہاتھ ہے امن وامان خراب کرنے (باقی صفحہ 3 نمبر31)

پاکستان بھر میں یوم مذمت، حرمین شریفین پر مبینہ حوثی حملوں کے خلاف علماء کا احتجاج

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان بھر میں جمعہ کے روز مدینہ منورہ، مکہ مکرمہ اور مملکت سعودی عرب پر حوثی حملوں کے خلاف یوم مذمت منایا گیا۔ اس موقع پر ملک بھر کی مساجد میں (باقی صفحہ 3 نمبر29)

کوئٹہ کے علاقے کچی بیگ میں ایک شخص نے خودکشی کر لی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے کچی بیگ میں ایک شخص نے خودکشی کر لی نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز تھانہ کچی بیگ کے علاقے میں ایک شخص (باقی صفحہ 3 نمبر28)

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر قلعہ عبداللہ ڈاکٹر عبدالسلام کھوسو کی زیر صدارت اجلاس

بچوں کو مختلف موذی امراض سے محفوظ رکھنے کے لیے جاری کوششوں کو بہتر بنانا تھا

بچوں کو مختلف موذی امراض سے محفوظ رکھنے کے لیے جاری کوششوں کو بہتر بنانا تھا

قلعہ عبداللہ (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر قلعہ عبداللہ ڈاکٹر عبدالسلام کھوسو کی زیر صدارت آج ای پی آئی سیل قلعہ عبداللہ میں حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام (EPI) کے حوالے سے ماہانہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی ایم پی پی ایچ آئی محمد داؤد خان کاکڑ، رحمت خان اچکزئی، آغا خان یونیورسٹی (AKU) کے نمائندوں، ڈسٹرکٹ سرویلنس آفیسر (DSV)، مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن ای پی آئی، تحصیل مانیٹرنگ کوآرڈینیٹرز (TMCs)، مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن پی پی ایچ آئی اور ضلع بھر کے تمام انچارج ویکسینیٹرز نے (باقی صفحہ 3 نمبر9)

کمشنر لسبیلہ کا کنسٹرکشن آف پری فیبریکیٹڈ اکوموڈیشن، اوتھل کا دورہ

منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے آج ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل میں جاری ترقیاتی منصوبے "کنسٹرکشن آف پری فیبریکیٹڈ اکوموڈیشن، اوتھل" کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹیو انجینئر بلڈنگ ضلع لسبیلہ نے منصوبے کے مختلف پہلوؤں، تعمیراتی کام کی پیش رفت، معیار اور مجموعی صورتحال کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے منصوبے پر جاری کام کا معائنہ کیا

اوتھل، کوسٹل ہائی وے پر ٹرک اور ٹینکر میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک اور 2 زخمی

کوئٹہ (آن لائن) اوتھل کے علاقے میں کوسٹل ہائی وے پر ٹرک اور ٹینکر میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک اور 2 زخمی (باقی صفحہ 3 نمبر6)

ایگریکلچر ایمپلائز یونین بلوچستان میں نجیب مینگل کی ساتھیوں سمیت شمولیت

کوئٹہ (آن لائن) ایگریکلچر ایمپلائز یونین بلوچستان کے زیر اہتمام یونین میں نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کے اعزاز میں استقبالیہ ظہرانے کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں نجیب (باقی صفحہ 3 نمبر7)

ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی زیر صدارت اہم اجلاس

ڈپٹی کمشنر حب کے آفس میں انٹرویو دینے کے لیے اپنے حاضری کو یقینی بنائیں

خضدار (خ ن) حکومت بلوچستان کی جانب سے صوبے کے 12 اضلاع کے نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار کے مواقع سے مستفید کرنے کے لیے ٹیکنیکل تربیت اور معاونت فراہم کرنے کے پروگرام میں ضلع خضدار کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تمام ضلعی محکموں کے (باقی صفحہ 3 نمبر11)

مولانا فضل الرحمن کے خلاف گزشتہ دنوں سے سوشل میڈیا پر جاری منفی پروپیگنڈے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

خضدار (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع خضدار کے زیر اہتمام صوبائی جماعت کی ہدایت پر قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمن کے خلاف گزشتہ دنوں سے سوشل میڈیا پر جاری منفی پروپیگنڈے کے خلاف ایک عظیم الشان (باقی صفحہ 3 نمبر8)

ڈپٹی کمشنر چاغی بختیار اسماعیل بلوچ کی زیر صدارت اجلاس

بیرون ملک روزگار کے خواہشمند نوجوان بھی دستیاب مواقع سے فائدہ اٹھائیں

چاغی (خ ن) ڈپٹی کمشنر چاغی بختیار اسماعیل بلوچ کی زیر صدارت ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں وفاقی حکومت کی جانب سے فراہم کردہ 26 ہزار ملازمتوں کے مواقع کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر چاغی بختیار اسماعیل نے کہا کہ اس وقت ضلع چاغی میں دو ٹیکنیکل سینٹرز قائم ہیں، جن میں ایک دالبندین جبکہ دوسرا (باقی صفحہ 3 نمبر10)

بلوچستان میں پہلے ہی غربت اور بے روزگاری کے باعث طلبا کیلئے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے مواقع انتہائی محدود ہیں وہیں

بی این پی کی بیف کو ختم کرنے کے حکومتی فیصلے پر گہری تشویش کا اظہار

بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے تحت 19548 طلبا مختلف تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم ہیں، شکیلہ نوید بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کی مرکزی خواتین سیکرٹری و سابق رکن صوبائی اسمبلی شکیلہ نوید بلوچ نے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (بیف) کو ختم کرنے کے حکومتی فیصلے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کو 19548 طلباء، 90 سے زائد ملازمین کے مستقبل کو داؤ پر لگانے نہیں دیں گے۔ اپنے جاری بیان میں شکیلہ نوید بلوچ نے مزید کہا کہ بلوچستان میں پہلے ہی غربت اور بے روزگار (باقی صفحہ 3 نمبر32)



کوئٹہ، عوامی نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام آل پارٹیز کانفرنس سے اصغر خان اچکزئی، کبیر احمد محمد شہی، نصر اللہ زیرے، انجینئر زمرک خان اچکزئی، مولانا عبدالقادر لونی، ماہت کاکا، موسیٰ بلوچ، مولوی کمال الدین، مولانا عبدالحمید منصوری، عبیداللہ عابد اور دیگر اظہار خیال کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ انتظامیہ زیارت کے افسران کا پی ایس ڈی آئی سکیمات کے سلسلے میں رگ بور کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ انتظامیہ زیارت کے افسران نے پی ایس ڈی آئی سکیمات کے سلسلے میں رگ بور کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران افسران نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔



تربت، صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے ملاقات کر رہے ہیں

سوئی سدرن کا گیس شیڈول کسی صورت قبول نہیں، ذوالفقار طارقی

بجلی کی لوڈشیڈنگ، گیس پریشر میں کمی اور بھاری بلوں نے عوام کا جینا اجیرن کر دیا ہے

کوئٹہ (پ ر) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارقی قادری میر محمد آصف سالانی ڈاکٹر میر شبیر احمد کھوسہ محمد عامر جتوئی محمد شریف لانگو چشتی محمد (باقی صفحہ 3 نمبر14)

محتسب کو پیچیدہ جائیداد تنازعات کا حتمی فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل نہیں، سپریم کورٹ

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے وفاقی محتسب کے اختیارات پر اہم فیصلہ سناتے ہوئے قرار دیا کہ محتسب کو پیچیدہ جائیداد تنازعات کا حتمی فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل نہیں، ملکیت اور وراثت کے متنازعہ معاملات سول عدالت میں طے ہوں گے۔ 8 صفحات پر (باقی صفحہ 3 نمبر13)

خان شہید کی برسی کا جلسہ کارکنوں کی محنت سے کامیاب ہوگا، ملک عمر کاکڑ

ملک نادر کاکڑ کے زیر صدارت کچلاغ تحصیل کمیٹی کا اجلاس، 2 دسمبر کو کامیاب جلسہ ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری یاسین خان بازئی، نعمت کاکڑ، ضلع کوئٹہ کے سینئر معاون سیکرٹری معظم سعید خان کاکڑ نے خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے شہادت کی 53ویں برسی کے موقع پر خان شہید کو ان کی لازوال قربانیوں پر زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ 2 دسمبر کو خان شہید کی برسی پر کوئٹہ میں عظیم الشان جلسہ عام منعقد ہوگا۔ جلسہ عام کی تیاری کے سلسلے میں ضلع کوئٹہ کے تحصیل کچلاغ کی کمیٹی کا اجلاس تحصیل سیکرٹری ملک نادر کاکڑ کے زیر صدارت (باقی صفحہ 3 نمبر26)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت اجلاس

مہم کے آخری روز 100 فیصد کوریج ہر صورت یقینی بنائی جائے

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت جاری انسداد پولیو مہم کے چوتھے روز کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا، جس میں متعلقہ افسران نے شرکت کی اور مہم کی پیش رفت، زیرو ڈوز، انکاری والدین اور رہ جانے والے بچوں کی کوریج سے متعلق رپورٹ پیش کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ کل مہم کے آخری روز تمام ٹیمیں پوری لگن، محنت اور ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دیں۔ گھر گھر رسائی یقینی بناتے (باقی صفحہ 3 نمبر27)

ولید بلوچ کے قتل کو ایک سال گزر گیا قاتل اب تک گرفتار نہیں ہوئے، مخدوم ایوب قریشی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما مخدوم ایوب قریشی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے معروف سیاسی خاندان کے چشم و چراغ نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی صالح محمد بلوچ، بلوچستان اسمبلی میں نیشنل پارٹی کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت بلوچ اور ضلع کو(باقی صفحہ 3 نمبر24)

تنظیمی فعالیت میں کوئی سستی برداشت نہیں کی جائے گی، نعیم پیر علیزئی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط صدر تحصیل کمیٹی کا اجلاس تحصیل سیکرٹری نعیم پیر علیزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری جمال مندوخیل، ضلع ایگزیکٹوز و ضلع کمیٹی کے اراکین نے شرکت (باقی صفحہ 3 نمبر25)

وفاقی محتسب خضدار کی بروقت مداخلت سے خاتون کا مسئلہ حل ہوگیا

گل بی بی کو بی آئی ایس پی (BISP) کے روکے گئے 14,500 روپے جاری

خضدار (پ ر) وفاقی محتسب اعلیٰ کے ادارے کی مؤثر اور فوری کارروائی کے نتیجے میں مستحقین کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ اس ضمن میں وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس خضدار نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) سے معطل شدہ وظیفے کی بحالی ممکن بنا کر ایک اور غریب و مستحق خاتون کو اس کا حق دلا دیا۔ تفصیلات کے مطابق، شیری بالونک، تحصیل کرخ ضلع خضدار کی رہائشی درخواست گزار مسماۃ گل بی بی نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی جانب سے مالی امداد/وظیفہ کی عدم ادائیگی کے خلاف وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل (باقی صفحہ 3 نمبر23)

جامعہ گوادر میں دو روزہ کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد

فیکلٹی ٹیم نے فٹ بال اور کرکٹ کے فائنلز جیت لیے

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر کے شعبہ مینجمنٹ سائنسز کے زیر اہتمام دو روزہ کھیلوں کے مقابلوں میں طلبہ و طالبات اور جامعہ کے تدریسی و غیر تدریسی عملے سمیت 86 افراد نے شرکت کی۔ یہ ایونٹ چیئرپرسن شعبہ مینجمنٹ سائنسز فدا حسین کی زیر نگرانی منعقد ہوا، جبکہ شعبے کے فیکلٹی ممبر محبوب عادل نے ایونٹ کے انتظامات کی ذمہ داری انجام دی۔ کالج گراؤنڈ میں منعقدہ فٹ بال اور کرکٹ کے فائنل مقابلوں میں فیکلٹی ممبران کی ٹیم نے بی بی اے کے طلبہ کی ٹیموں کو شکست دے کر کامیابی حاصل کی۔ اندرونی کھیلوں میں شطرنج کے مقابلے میں رویشہ، اسکریبل میں ماجدہ نجی (باقی صفحہ 3 نمبر22)

دہشت گردی کے خاتمے کے لیے دراصل خود سنجیدہ نہیں اور اس تمام صورتحال میں نقصان صرف ہمارے عوام کا ہو رہا ہے، بیان

پنجپائی کلی محمد خیل میں سینکڑوں خاندانوں کی بیدخلی قابل مذمت ہے، پشتونخوامیپ

جنگلات، معدنیات پر قبضہ اور مسلح جتھوں کے ذریعے بدامنی، خوف وہراس، لوٹ مار، قتل و غارت گیری کا سلسلہ جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں پنجپائی کلی محمد خیل کے سینکڑوں گھرانوں اور ہزاروں لوگوں کو اپنے آبائی علاقے سے نقل مکانی اور علاقہ بدر پر مجبور کرنے کے اقدام پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے فارم 47 کی مسلط حکومت کے اس اقدام کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ حکومتی سرپرستی میں ایک جانب صوبے اور با (باقی صفحہ 3 نمبر15)



کوئٹہ، بلوچستان بار کونسل کی جانب سے جسٹس جمال خان مندوخیل کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے کے موقع پر جسٹس جمال خان مندوخیل کا جسٹس اقبال کاسی، منیر احمد کاکڑ، جازان دشتی، نادر چھلگری، ایاز خان مندوخیل، افضل حریفال، نجب الدین آغا، میر فہد مینگل اور دیگر وکلاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

پرنسپل ایس ایس پی غلام سرور بھیو کا امتحانی ہال کا دورہ

پولیس ٹریننگ کالج خضدار میں (A-1) کا تحریری ٹیسٹ منعقد ہوا

خضدار (خ ن) پولیس ٹریننگ کالج خضدار میں آج اے ون (A-1) کا تحریری ٹیسٹ منعقد ہوا، جس میں صرف پی ٹی سی (PTC) کے ملازمین نے شرکت کی۔ ٹیسٹ میں پرنسپل ایس ایس پی غلام سرور بھیو اور وائس پرنسپل ایس پی منظور احمد بلیدی کی زیر نگرانی منعقد ہوا۔ پرچے میں پولیس رولز، ضابطہ فوجداری، تعزیرات پاکستان، ایف آئی آر، چالان، ضمانت اور (باقی صفحہ 3 نمبر16)

ڈی آئی جی پولیس کوہ سلیمان رینج کا شالی ڈیرہ بگٹی کا دورہ

شالی ڈیرہ بگٹی (خ ن) ڈی آئی جی پولیس کوہ سلیمان رینج ایاز احمد بلوچ کا شالی ڈیرہ بگٹی کا دورہ؛ جدید سیف سٹی پولیس سسٹم کا معائنہ، امن و امان کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال پر زور شالی ڈیرہ بگٹی (نیکو): ڈی آئی جی پولیس کوہ سلیمان رینج ایاز احمد بلوچ نے ضلع شالی ڈیرہ بگٹی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ سیف سٹی پولیس سسٹم اور کنٹرو(باقی صفحہ 3 نمبر17)

حکومتی علم دشمن اقدامات قابل مذمت ہے، مزمل وطنیار

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زون کے سیکرٹری مزمل وطنیار، سینئر معاون سیکرٹری نواز جلوانک، اطلاعات سیکرٹری عظیم افغان، مالیات سیکرٹری بشیر افغان، آفس سیکرٹری فضل اچکزئی، رابطہ سیکرٹری امین اچکزئی، ثقافت سیکرٹری ہارون موسیٰ خیل نے اپنے مشترکہ بیان میں حکومت کی جانب سے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) کے خاتمے پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اس طلبا دشمن اقدام کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔

گیس اور بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اور بندش نے شہریوں کا جینا حرام کر دیا، جمعیت نظریاتی

گیس لوڈشیڈنگ سے ہمیشہ بڑی تعداد میں مختلف سانحات رونما ہوئے ہیں، مولانا نیاز محمد

حکومت اور عدالت عالیہ سے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر اس سنگین مسئلے کا فوری نوٹس لیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ مولانا نیاز محمد جنرل سیکرٹری مولانا آغا ابراہیم شاہ مجلس عاملہ کے ارکان مولانا خدائے نظر مولانا قاری سردار محمد مفتی عبدالرحمن مولانا عبدالظاہر مولانا باز محمد مولانا علاؤالدین حاجی نظام آغا مفتی رحمت اللہ خلجی حاجی حیات اللہ کاکڑ مولانا ابراہیم مولانا شرف الدین ملا عبدالصمد مولانا عزیز اللہ ذاکری حاجی (باقی صفحہ 3 نمبر18)

اسحاق ڈار کا ایرانی ہم منصب عباس عراقچی سے ٹیلی فونک رابطہ

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ایرانی وزیر خارجہ سید عباس عراقچی سے ٹیلی فونک رابطہ کیا جس کے دوران خطے کی مجموعی صورتحال اور تازہ علاقائی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی مسائل کے حل، کشیدگی میں کمی (باقی صفحہ 3 نمبر19)

بجلی و گیس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، بی این پی

بلاتعطل فراہمی اور بجلی کی غیر اعلانیہ بندش کا خاتمہ یقینی بنائیں

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) ہزارگنجی کے سیکرٹری ملک بشیر جان شاہوانی، ڈپٹی سیکرٹری آغا شکیل بلوچ اور ضلعی کونسلران حمید بلوچ، عبید شاکر ایم حسنی نے ایک مشترکہ پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے ہزارگنجی، لعل آباد محمد حسنی، بیرہ حبیب، بروہی ٹاؤن، بخاری ٹاؤن اور لہڑی آباد میں جاری بجلی اور گیس کی بدترین و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پر شدید تشویش اور برہمی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ہزارگنجی اور اس کے تمام ملحقہ علاقوں میں متعلقہ اداروں کی بے حسی اور غفلت کے باعث شہریوں کی زندگی اجیرن بن چکی ہے۔ علاقے میں ہر (باقی صفحہ 3 نمبر20)

جہاں سے گیس نکلتی ہے پہلا حق وہاں کے لوگوں کا ہے، زرینہ خلجی

کوئٹہ (آن لائن) سماجی کارکن روزینہ خلجی نے شہریوں کو گیس کمپنی کی جانب سے گیس کی عدم فراہمی کے باوجود بھاری بل بھیجنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جہاں سے گیس نکلتی ہے پہلا حق وہاں کے لوگوں کا ہے اس کے بعد صوبے کے لوگوں کو گیس کی فراہمی (باقی صفحہ 3 نمبر21)



کلی عمر، عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر شاہ اللہ کاکڑ، مبین خان بازئی، شان عالم، ایمل خان تارن، صادق بازئی، فیروز خان، اسلام یوسفزئی و دیگر شمولیتی پروگرام سے خطاب کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹیڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون، فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com